زروش نے کسی غلط چیز کی ضد نہیں کی آپ بھی یہ باتیں اپنے ذہن سے نکال دے اور رہی بات شادی کی تو

ابھی 4 سال ہیں۔۔۔۔

مگر مجھے تو لگتا ہے کے ابھی سے کرا دے کیا فرق پڑتا ہے 4 سال بعد ہو یا اب۔

۔۔۔۔

بہت فرق پڑتا ہے اگر آپ اپنی بیٹی کی سوچ کے حساب سے دیکھیں تو۔۔۔۔۔

مجھے آپ سے کوئی بحث نہیں کرنی مجھے جو چچا نے کہا میں نے بتا دیا اب آپ کی مرضی جو کرنہ ہے کرو آپ سے کچھ کہنا ہی فضول ہے وو بول کے چلی گئی۔۔۔

زبیر صاحب وہیں بیٹھ گے اور اپنا۔ سر تھام لیا

مجھے ایاز کے بارے میں جان نہ پڑے گا اس کے گھر کے بارے میں

میں جانتا ہی کتنا ہوں صرف ایک ہی ملاقات کی ہے زروش کا رشتہ دیا ہے اگر اس گھر میں۔ دینا ہے تو ایک بار اچھے سے پوچھ تاچ کر لینی چاہئے ابو جانتے ہیں ایک بار انسے بھی بات کر لیتا ہوں۔۔۔۔

اب ابو آے تو ایک بار انسے اس کے بارے میں پوچھ لیتا ہوں

☣☣☣☣

حامد نے ایک سنسان جگہ پر بائیک روکی۔۔۔۔

بائیک کیوں۔روک دی زروش کو عجیب لگا۔۔۔۔

زروش کو اسنے بائیک سے اترنے کا کہا تو وو اتر گئی۔۔۔۔۔

حامد اسکے سامنے کھڑا ہو گیا وو اپنی۔ نظریں جھکاے کھڑی تھی۔۔۔۔۔

ناراض ہو حامد نے اسے پوچھا۔۔۔۔

نہیں زروش نے بن دیکھے ہی جواب دیا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو بات کیوں۔ نہیں کر رہی۔۔۔۔۔

حامد چلیں پلیز۔۔۔۔۔

نہیں مجھے میرے سوالوں کا جواب دو پھر۔۔۔۔

... گھر چل کے بات کریں

نہیں مجھے تم سے جو پوچھنا ہے ان سوالوں کا جواب دو۔۔۔۔

مجھے کوئی جواب نہیں دینا چلو۔۔۔

جب تک میرے سوالوں کا جواب نہیں دو گی تب تک یہیں بیٹھی رہو وہ ضدی انداز میں بولا۔۔۔۔

اچھا کیا جواب چاہیئے۔۔۔

کیوں بات نہیں کرنی مجھسے

بس اسے ہی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

میری طرف دیکھ کے جواب دو۔۔۔۔

زروش نے اسکی طرف دیکھا پھر اپنی نظرے جھکا دی۔۔۔۔

حامد اسکی طرف بڑھنے لگا۔۔۔۔۔جو بات کرنی ہے دور سے ہی کرو۔میرے قریب آنے کی ضرورت نہیں ہے زروش نے سختی سے کہا۔۔۔۔

حامد پھر بھی نہیں رکا اور اسکی طرف قدم بڑھا رہا تھا زروش ڈر سے پیچھے ہوئی۔۔۔۔

زروش ڈرو مت مجھسے میں کچھ نہیں کر رہا وو زروش کے چہرے پے خوف دیکھ کے بولا۔۔۔۔

میں صرف یہ جان نہ چاہتا ہوں کیا تم۔سچ میں۔اس لڑکے سے شادی کرنے کے لئے تیار ہو۔۔۔۔۔۔۔

ہاں زروش کا جواب سن کے حامد نے غصے سے اپنی مٹھی بند کی۔۔۔۔۔

اچھا پھر تمہاری آنکھیں انکار کیوں کر رہی ہیں حامد نے نرمی سے کہا۔۔۔۔

زروش اسے پیٹھ دے کے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔

حامد اس کیے سامنے آکر کھڑا ہو گیا یہاں دیکھ کے بات کرو۔۔۔۔

میرے پاس تمہاری باتوں کا کوئی جواب نہیں ہے۔۔۔۔۔

کیوں۔ نہیں ہے جواب کیوں کرنہ چاہتی ہو اسے شادی جسے تم۔ جانتی بھی نہیں۔۔۔۔۔

جسے جانتی تھی اسی نے ہی تو دھوکہ دیا۔۔۔۔

میں مانتا ہوں وو میری غلطی تھی مگر یہ اس نے کتنی بار معافی مانگی ہے یار اسکے بعد بھی تم پے کوئی اثر نہیں ہو رہا۔۔۔۔

صرف غلطی؟؟؟ تمہاری اس غلطی کی سزا کوئی اور بھگت رہا ہے تمھیں کیا ہے تمہارے لئے تو صرف غلطی ہے شرم آنی چاہیئے تمھیں۔ تم میں ذرا بھی شرم۔ ہوتی تو ڈوب کے مر جاتے مگر تم انتہائی گھٹیا انسان ہو اور مجھے ایسے لوگوں۔ سے نفرت ہے صرف اور صرف نفرت حامد چپ چاپ اسکی باتیں سن رہا تھا۔۔۔۔۔

اچھا میں بے شرم اور گھٹیا انسان ہوں نہ اب دیکھنا یہ گھٹیا انسان کیا کرتا ہے وو تھوڑا غصے میں آ گیا۔۔۔۔

پھر وہ دونوں کچھ دیر چپ ہو گے۔۔۔

دیکھو زروش میں تمھیں۔صاف لفظوں میں بول رہا ہوں اور یہ آخری بار ہے تم مجھے معاف کر دو اب جو ہو گیا ہے اسے بدلہ نہیں جا سکتا نہ ہی اسے سدھارا جا سکتا اگر تم کھو تو میں اسے بھی معافی مانگنے کے لئے تیار ہوں۔۔۔۔۔

سدھارا جا سکتا ہے زروش نے بیچ میں ہی ٹوک کے کہا۔۔۔۔۔

مگر میں۔اس طرح کبھی نہیں سدھار سکتا حامد اسکی بات کا مطلب سمجھ کے بولا اب تم مجھے معاف کر رہی ہو یا نہیں۔۔۔۔۔

نہیں زروش نے کہا۔۔

یہ تمہارا آخری فیصلہ ہے؟؟؟؟

ہاں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ٹھیک ہے میری بات کان کھول کے سن لو اب تم مجھ کو معاف کرو یا نہ کرو مگر تم شادی مجھسے ہی کرو گی پھر اپنی مرضی سے یا زبردستی کیوں کی بہت منالیا تمھیں بہت پیار سے بھی سمجھایا مگر تم نہیں۔مانی اب میں بھی دیکھتا ہوں کے آخر تم کسی اور کی ہوتی کیسے ہو۔۔۔۔۔

کیا مطلب کیا کرو گے تم۔؟؟؟؟

وو جلد ہی پتا چل جائے گا تمھیں ابھی بھی وقت ہے سمبھل جاؤ ورنہ وو بول کے بائیک کی طرف آیا۔۔۔۔

زروش کے ہاتھ پیر ٹھنڈے ہو گے حامد کی دھمکی سے کے وو کیا کرے گا وو بت بنی کھڑی تھی۔۔۔۔

حامد اسکی طرف بائیک لے آیا چلو اب

زروش پیچھے بیٹھ گئی۔۔۔۔

☣☣☣

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

حیدر اپنی کیبن میں بیٹھا ہوا تھا جب

دروازہ نوک کر کے ہاشم آیا بھائی سارے پیسے میں نے گاڑی میں رکھوا دئے ہیں اب

آپ کو جانا چاہئے۔۔۔۔۔

نہیں اسنے انکار کیا کیوں کی وو زروش کا ویٹ کر رہا تھا۔۔۔۔

مگر بھائی لیٹ ہو جائے گی میرے خیال سے آپ کو جانا چاہئے ہاشم۔نے کہا۔

جب جانا ہو گا میں چلا جاؤں گا۔۔۔۔

او کے بھائی آپ کی مرضی وو بول کے چلا گیا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

☣☣☣

زروش تیار ہو کے لاونج میں آئی جہاں حامد ریحانہ بیگم فنزا بیٹھے تھے۔۔۔۔

پھپھو ولید نہیں آیا؟؟؟؟

نہیں ایک کام کرو تم حامد کے ساتھ چلی جاؤ پھپھو نے اسے کہا تو فنزا نے دونوں کو دیکھا۔۔۔۔

حامد جاؤ اسے چھوڑ آو۔۔۔اور ہاں زروش یہ اس لڑکے کی پیکچر ہے تمھیں دینا بھولے جا رہی ہوں یہ لے لو اسنے سوفے پے رکھی تھی کے اب زروش آے تو اسے دیگی۔۔۔۔۔

زروش نے ایک نظر حامد کو دیکھا موم آپ یہ رکھ دیں اس کے روم میں ابھی اسے دیر ہو رہی ہے تو میں اسے چھوڑ کے آتا ہوں حامد نے غصے پے ضبط کرتے کہا۔۔۔۔

اچھا یہ بھی ٹھیک ہے ریحانہ بیگم نے کہا۔۔۔۔

وو دونوں چلے گے

۔

www.novelsclubb.com

ہاں ہاں بھیج دو اکیلے کل کو منہ کالا ہو گا تو خد ہی پچھتانا پڑے گا سا سوماں فنزانے دل میں کہا

☣☣☣

زروش کو چھوڑنے کے بعد حامد سید ھا زروش کے روم میں آیا اور پک ڈھونڈنے لگا وو ہر جگہ ڈھونڈنے لگا مگر اسے نظر ہی نہیں آ رہی تھی لگتا ہے موم نے نہیں رکھی یہاں وو بول کے جانے کے لئے مڑا تو اسکی نظر سامنے زروش کی پک پے پڑی اور اس کی سائیڈ پے ایاز کی پک رکھی ہوئی تھی۔۔۔۔

اسنے پک ہاتھ میں اٹھائی ایاز کی بڑی داڑھی رکھے ہلکی چہرے پے سمائل سجاے کھڑا تھا غلط جگہ پے نظر ڈالی ہے ایاز اسنے بول کے پک کے ٹکڑے کر دئے

اسے تو یہ بھی گوارا نہیں تھا کے زروش دیکھے بھی اسے اور پھر ٹکرے وہی چھوڑ کے باہر نکل گیا کے جب وو آے تو اسے پتا چلے

☣☣☣

زروش اور حیدر ایک جگہ پے آے حیدر نے ایک بنگلا لینے کا سوچا تھا تو آج اس بنگلے کے مالک سے ملنے آیا تھا حیدر نے اسے یہ بنگلا لے لیا تھا اب وو دونوں دروازے کی طرف آے دو بڑے تاک تھے حیدر نے انہیں کھولا زروش آج چپ ہی تھی اس کے دماغ میں حامد کی ہی باتیں چل رہی تھی حیدر نے ایک نظر اس پے ڈالی جو آج اتنی چپ تھی چلو دیکھتے ہیں آخر یہ خاموشی کتنے وقت کی ہے اسنے دل میں سوچا

زروش نے گھر کا جائزا لیا ہر چیز کپڑے سے ڈھکی ہوئی تھی لاؤج میں ہر چیز موجود تھی وو اپر سے نیچے تک دیکھ رہی تھی اور اس کے دل میں آیا کے کاش وو بھی ایسا ہی گھر لے پائے وو سیڑوں کی طرف آئی دو سائیڈ سے بنی ہوئی تھی ایک آنے کے لئے دوسری جانے کے لئے پورا گھر دیکھنے کے بعد زروش نیچے آگئی جہاں حیدر بیٹھا کھڑا تھا

سر زروش نے حیدر کو پکارا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حیدر نے اسے دیکھا

یہ گھر کسکا ہے۔۔۔۔

آج سے یہ میرا ہے حیدر نے کہا

کیوں آپ کے پاس اب تک کوئی گھر نہیں تھا؟؟؟؟

ہے جو اسے بھی زیادہ بڑا ہے

اگر اتنا ہی بڑا تھا تو یہ لینے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔۔

لگتا ہے یہ تمھیں پسند نہیں آیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں مجھے تو بیحد پسند آیا ہے میں جسٹ پوچھ رہی تھی۔۔۔۔

میرے شوق ہے جو چیز اچھی لگے لے لیتا ہوں چاہے وو موجود ہی کیوں نہ ہو اسنے نوابی انداز میں کہا۔۔۔۔

اوکے سر زروش نے صرف یہی کہاں۔۔۔۔

حیدر کو اسکی چپی کھٹک رہی تھی۔۔۔۔

کچھ دیر بعد زروش اور حیدر چت پے آے

وہاں جا کے زروش کا موڈ کچھ نورنل ہوا وہاں ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی اور سائیڈ پے پھول اور ایک خوبصورت جگہ بنی ہوئی تھی جہاں وو دونوں آے۔۔۔

واہ سو بیوٹیفل زروش نے کہا۔۔

حیدر نے اسے دیکھا پھر نظر ہٹا دی

زروش حیدر کو غور سے دیکھنے لگی حیدر نے اسے دیکھا پھر اسنے ارد گرد نظر ڈورائی ہر چیز کو دیکھا مگر جب زروش کی طرف دیکھا تو وو اب بھی اسے ہی دیکھ رہی تھی کیا مسلہ ہے تمہارے ساتھ تک کیوں رہی ہو حیدر نے کب سے اس کو اپنی طرف نظر ٹکاے دیکھا تو پوچھ ہی لیا۔۔۔۔۔

سر وو نہ مجھے آپ سے کچھ کہنا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیا؟؟؟؟

جب سے میں نے آپ کو دیکھا ہے تب سے میں کہنا چاہتی تھی۔۔۔۔

اب بولو گی کیا کہنا چاہتی تھی

سر کہنا نہیں مطلب پوچھنا چاہتی تھی۔۔

کیا حیدر نے اسکی آنکھوں میں دیکھ کے پوچھا؟؟؟

وو۔۔۔۔میں یہ۔۔۔۔حیدر غور سے اسکی بات سن رہا تھا

کے آپ کونسہ شیمپو استعمال کرتے ہو آپ کے بال اس عمر میں بھی اتنے گھنے اور سلکی ہیں؟؟؟

www.novelsclubb.com

حیدر نے اسکی بات پے اپنا ہاتھ سر پے مارا

☣☣☣☣

3months

وو دونوں میٹنگ سے واپس آفس کے لئے لوٹ رہے تھے

جب ایک بچہ انکی گاڑی کے سامنے آیا حیدر نے جلدی سے بریک لگائی اور غصے سے گاڑی سے باہر نکلا اس بچے کے ہاتھ میں پھول تھے اندھے ہو مرنے کے لئے میری ہی گاڑی ملی تھی تمھیں مرنے کا اتنا ہی شوک ہے تو جا کے ٹرین کے سامنے لیٹ جاؤ وو غصے دہاڑا۔۔۔

سر یہ کیا بول رہے ہو آپ اسنے بچے کو روتا ہوا دیکھا تو اسے برداشت نہیں ہوا

وو اس بچے کی طرف آئ

کیا ہوا ہے آپ کو آپ رو کیوں رہے ہو۔۔۔۔

زروش میرے پاس اتنا فالتو ٹائم نہیں ہے چلو یہاں سے اور تم دور ہٹو اسنے بچے سے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

زروش نے حیدر کی بات کو اگنور کیا آپ بتاؤ کیا ہوا ہے آپ کو وو بچے سے پیار سے بولی۔۔۔

میری امی۔۔۔کی طبیعت بہت خراب ہے آج ایک بھی پھول نہیں بکا انکی دوائی کے لئے پیسے نہیں ہے میرے پاس اگر آپ لوگ یہ پھول مجھسے خرید لو تو میں اپنی امی کی دوائی لے سکوں گا وو روتے ہوے بولا۔۔۔۔

زروش کو بہت دکھ ہو رہا تھا وو کسی کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتی تھی اور وو تو 9 سال کا بچہ لگ رہا تھا جسکی عمر تو ابھی او چھل کود کی تھی اور اس کے سر پے اتنی زمیداری۔۔۔

www.novelsclubb.com

ہمیں کوئی پھول نہیں لینا دفع ہو جاؤ یہاں سے اور یہ ڈرامے کسی اور کے سامنے کرنہ اور تم بھی چلو مجھے لیٹ ہو رہی ہے اسنے زروش کی طرف رخ کیا۔۔۔

وو حیدر کو افسوس سے دیکھ رہی تھی کے اسکے اندر ذرا بھی فیلنگ نہیں ہے۔۔۔

ریسٹورنٹ میں فضول پیسے خرچ کرتا ہے باقی اچھے کام کے لئے ایک پیسا نہیں اسکے پاس

اس وقت اسکا دل کیا کے حیدر کو وو زمین میں گاڑ دے کتنا بے شرم انسان ہے معصوم بچے سے کیسے بات کر رہا ہے لگتا ہے اسکی ماں نے اسے مینرس نہیں سکھائے۔۔۔۔

سر پلیز پھول لے لینا مجھے بہت پسند ہے پلززز سر وو اسے ریقسٹ کر رہی تھی اس وقت زروش کا دل کیا کے وو ایسے ہی بچے کو پیسے دے دے مگر وو اپنا پرس آفس میں بھول آئی تھی اور حیدر کو دیکھ کے اسے لگا نہیں کے وو اسے پیسے دیگا بھی تو پھول کی ضد کرنے لگی۔۔۔۔۔

مجھے سمجھ نہیں آتا تمہارا دماغ بچوں والا کیوں ہے اسنے غصے سے اپنا وولٹ نکال کے پیسے تھمائے اس بچے کے ہاتھ میں اور پھول لئے اسے۔۔۔۔

اب بچی ہوں تو بچو والا ہی دماغ ہو گا نہ زروش نے مزے سے کھا

اس بچے نے اپنے آنسوں پونچھے اور زروش کا شکریا کرنے لگا اللہ آپ دونوں کی جوڑی ہمیشہ سلامت رکھے وو بول کے چلا گیا

زروش حیدر کو دیکھنے لگی ہاہاہا جوڑی وو بول کے زور سے ہنسنے لگی۔۔

حیدر وو پھول ہاتھ میں پکڑے اس کو ہنستا دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

ایک بات تو بتاؤ حیدر نے اسے مخاتب کیا۔۔۔

اسنے سوالیا نظروں سے اسے دیکھا۔۔۔

تم ان سب کی باتوں پے یقین کیوں کرتی ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

حد ہے سر اسنے صرف اتنا ہی کہا

اس میں حد کیا ہے ان لوگوں کا طریقہ ہے اوروں سے پیسے لینا جھوٹی موٹی باتیں بنانا۔۔۔

سر ویسے بھی آپ اتنے فضول خرچے کرتے ہو اس میں اگر کچھ غریبوں کو دے دو گے تو مجھے نہیں لگتا اپکے پیسے۔ ختم ہو جائے گے ویسے بھی آپ نہ جانے کتنے ہی فضول خرچے کرتے ہو جیسے ریسٹورنٹ پے ہزاروں ایک دن میں تب افسوس نہیں ہوتا باقی جب اپنے اس بچے سے پھول لئے تو آپ کو اتنا افسوس ہو رہا ہے ویسے سر آپ کو اتنی پہچان تو ہونی چاہئے کے کون سچا ہے کون جھوٹا۔۔۔۔

میں فضول خرچے کرتا ہوں اسنے زروش کو آنکھ دکھائی۔۔۔۔

سر چلیں۔۔۔۔

ہوں حیدر زروش کی طرف آیا

وہاں۔سے جاتی بائیک پے دو آدمی گزرے۔۔۔رک رک پیچھے والے نے کہا

کیوں کیا ہوا۔۔۔۔

وو دیکھ یہ زبیر کی بیٹی ہے نہ۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسنے بھی انکی طرف دیکھا ہاں لگ تو رہی ہے مگر یہ اس لڑکے کے ساتھ کر کیا رہی ہے وو بھی اس وقت۔۔۔۔

حیدر زروش کو پھول دے رہا تھا زروش صرف مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

فوٹو کھینچ اسنے کہا تو دوسرے نے فون نکال کے دونوں کی کچھ پیکس لی۔۔۔

******

زروش آفس میں بیٹھی ہوئی تھی حیدر کے ساتھ جب اسکی فون نے رنگ کیا

۔۔۔۔

افف یہ ایاز مجھے کیوں کال کر رہا ہے اسنے منہ بصور کے فون کان سے لگائی

اسلام وعلیکم زروش نے سلام کیا۔۔۔

وعلیکم السلام کیسی ہو تم۔۔۔۔

میں ٹھیک ہوں۔۔۔

اسٹڈی کیسی چل رہی ہے۔۔۔۔

اچھی چل رہی ہے۔۔۔

اچھا کیا کر رہی تھی۔۔۔

لوڈو کھیل رہی تھی۔۔۔

اچھا یہ نے ڈسٹرب تو نہیں کیا۔۔۔۔

زروش یہ کیا طریقہ ہے کام کے وقت تمھیں فون کی پڑی ہے۔۔۔۔

سر جب آپ کام میں ہوتے ہو تو آپ کو کال آتی ہے تو تب کیا آپ فون نہیں اٹھاتے اچھا میں باہر جا کے بات کرتی ہوں وو بول کے باہر آ گئی۔۔۔۔

ہاں بولو آپ کو کام تھا کچھ اسنے ایاز کو کہا۔۔۔۔

تم کہاں ہو اس وقت اور وو آواز کسکی تھی۔۔۔۔

میں آفس میں ہوں۔اور وو آواز سر کی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

تم۔وہاں کیا کر رہی ہو۔۔۔

میں یہاں جاب کرتی ہوں۔۔۔۔

تمھیں۔ضرورت ہی کیا ہے یہ سب کرنے کی اور آج کے بعد تم وہاں۔ نہیں جاؤ گی اسنے آرڈر دیا۔۔۔۔

لیکن میری کچھ ضرورتیں ہے۔۔۔۔

ووسب تمہاری پوری ہو جائے گی مگر آج کے بعد تم وہاں نہیں جاؤ گی۔۔۔۔

خاص وجہ۔۔۔۔

ہمارے گھر کی لڑکیاں جاب کریں یا بوائز کے ساتھ کام کریں یہ مجھے گوارا نہیں اور تم۔میری منگتر ہو کسی کو پتا چلا تو کیا عزت رہ جاے گی میری۔۔۔۔

اسکی عزت کی ایسی کی تیسی

www.novelsclubb.com

مطلب آپ ایسی چھوٹی سوچ رکھتے ہو کے لڑکیاں گھر پے بیٹھی رہے مجھے لگا آپ آپ ایڈوکیٹڈ ہو تو آپ کی سوچ الگ ہو گی۔۔۔

چاہے انسان کتنا ہے ایڈوکیٹڈ کیوں نہ ہو وو اپنی عزت اس طرح آفسوں میں بھٹکنے نہیں دیتا اور آج کے بعد تم نہیں جاؤ گی۔۔۔

مجھے نہیں لگتا آپ کی سوچ صحیح ہے اور میں یہ جاب نہیں چھوڑ رہی میں کسی پے ڈیپینڈ نہیں ہونا چاہتی۔۔۔۔۔

میں جب بول رہا ہوں اور میں کوئی اور نہیں ہوں۔۔۔۔

آپ۔میرے منگتر ہو ہسبنڈ نہیں اور آپ کو مجھے حکم چلانے کا کوئی حق نہیں جب شادی ہو تب آپ جو مرضی کروالینا مگر جب تک تک شادی نہیں ہوتی تب تک میں اپنی مرضی سے اپنی لائف جی سکتی ہوں مجھے میرے کام میں مداخلت پسند نہیں اسنے بول کے فون کو کاٹا۔۔۔

بہت ہوا میں اڑ رہی ہے اسکے پر کاٹنے پڑے گے۔۔۔۔۔

☣☣☣☣

حیدر تھکا ہوا آفس سے لوٹا اور اپنی ماں کو سوفے پے بیٹھا پایا تو آکر اسکی گود میں سر رکھ کے لیٹ گیا۔۔۔۔

کیا ہوا حیدر تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے شہناز بیگم نے حیدر کے سر پے اپنے ہاتھ پھیرا کے پوچھا۔۔۔۔

میں ٹھیک ہوں موم۔۔۔

تھک گے ہو۔۔۔۔

میں تھک نہیں سکتا جن لوگوں نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے انکو انکے اصلی مقام پے پوھچاے بگیر میں تھک نہیں سکتا۔۔۔۔

حیدر تم کو جتنا بدلہ لینا تھا لے چکے ہو اب اسے زیادہ تم کچھ نہیں کرو گے۔۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں موم جتنا ان لوگوں نے ہمارے ساتھ کیا اسے کم ہی ہیں نے کیا ہے مگر بہت جلد میرا بدلہ پورا ہونے والا ہے اسنے آنکھیں بند کرتے ہوے کہا۔۔۔۔

بیٹا اب تم اپنا گھر بسہ لو یہ سب بھول جاؤ جو بیت گیا اب تم جلدی سے شادی کر کے مجھے پوتا پوتی دے دو میں مرنے سے پھلے انہیں دیکھنا چاہتی ہوں۔۔۔۔

موم۔پلیز مرنے کی بات مت کیا کریں۔۔۔۔

.... تو پھر شادی کر لو ماں کی یہ خواہش پوری کر لو نہ

موم آپ جانتی ہو پھر بھی ہے بول رہی ہو وو بول کے چلا گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارے۔بیٹا سنو

پیچھے سے ہاشم نے انکی باتیں سن لی تھی بدلے والی نہیں شادی والی

موم آپ پریشان کیو ہو رہی ہو آپ کی یہ خواہش بہت جلد پوری ہونے والی ہے

۔۔۔

کیا مطلب اسنے ہاشم کی بات نہ سمجھتے پوچھا۔۔۔

ہیں نے نہ بھائی کے لئے ایک لڑکی دیکھی ہے جو ان کے لئے پرفیکٹ ہے ہاشم نے بتایا۔۔۔

کیا فائدہ حیدر نے کونسہ مان جانا ہے اسنے دکھی انداز میں کہا۔۔۔۔

موم بھائی بھی لائک کرتا ہے اسے ہاشم کے کہنے پے شہناز بیگم کو تو یقین نہ آیا۔۔۔

کیا بول رہے ہو کیا سچ میں اور کون ہے وو۔۔۔

بھائی کی سیکریٹری۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو حیدر اسے لائک کرتا ہے تمھیں یقین ہے؟؟؟

ہاں موم لگتا تو یحیں ہے اگر نہیں بھی کرتا تب بھی بھائی کے لئے وو بلکل پرفیکٹ ہے۔۔۔۔

اچھا مجھے اس لڑکی سے ملنا ہے۔۔۔

موم آپ نہ بڑی بے صبر ہو۔اسنے منہ بنا کے کہا۔۔۔۔

حیدر نے آکر دروازہ بند کیا اور الماری سے شراب کی بوتل نکالی اور ٹیبل پر بوتل رکھی اور خد چیئر پے بیٹھ گیا

☣☣☣☣

زروش ہاتھ میں پھول لئے آرہی تھی جب حامد اسکے ہی انتظار میں سوفے پے بیٹھا اسکے آنے کا ویٹ کر رہا تھا

حامد اسکی طرف آیا اور اسکے ہاتھ میں پھول دیکھے آج گھر میں کوئی بھی نہیں تھا فنزا اور ریحانہ بیگم ولید کے ساتھ ڈاکٹر کے پاس گئی ہوئی تھی ساجد صاحب بھی کسی کام۔سے باہر تھے صرف روشنہ ہی گھر میں تھی

یہ پھول حامد نے اتنا ہی کہا

سر نے دئے وو بن سوچے بول گئی اور پھر پھولوں کو دیکھنے لگی

کیا حامد کے اسے پوچھنے پے زروش کو احساس ہوا کے وواس کے سامنے کیا بول گئ ہے اسنے نظر اٹھا کے حامد کو دیکھا جو اپنا شوز اتار رہا تھا۔۔۔۔۔

م۔۔م۔۔۔میرا مطلب وو کچھ بولتی کے حامد اسے شوز مارنے کے لئے آگے ہوا وو بھاگنے لگی

بوابوا۔۔۔وو چیخ کے آوازیں دے رہی تھی۔۔۔۔

کوئی بوا نہیں آے گی تمھیں۔بچانے تم یہ پھول لے رہی ہو لڑکوں سے میں تمھیں اچھے سے بتاتا ہوں۔آج۔۔۔۔

ارے تم۔غلط۔سمجھ رہے ہو وووو بھاگتی ہوئی بول رہی تھی۔۔۔

ہاں ہاں تم رکو ذرا صحیح میں سمجھاتا ہوں تمیں۔۔

وو

بھاگتی ہوئی روشنہ کے روم میں آئی جہاں وہ سوئی ہوئی تھی بھابی اٹھو اپنے کھروس دیور سے مجھے بچاؤ روشنہ ہڑبڑا کے اٹھ گئی حامد بھی روم میں۔داخل ہوا۔۔۔۔

کیا ہوا تم دونوں کو وہ دونوں سے پوچھنے لگی۔۔۔۔

بھابھی وہ مجھے شوز سے مار رہا ہے وہ دیکھو اس کے ہاتھ میں ہے زروش نے اسکے ہاتھ کی طرف اشارہ کیا

جو شوز پکڑے تھا اپنے ہاتھ میں جلدی۔سے نیچے رکھ دیا۔۔۔۔

یہ کیا ہے حامد بھائی روشنہ نے اسے گھورہ

بھابی آپ۔موم کے ساتھ نہیں گئی حامد نے الٹا سوال کیا؟؟؟

بوا کہاں گئی ہے زروش نے پوچھا؟؟؟

فنزا کو ڈاکٹر کے پاس لے گئی ہے

www.novelsclubb.com

بھابی اگر آج آپ نہ ہوتی تو یہ تو۔میرا قیمہ بنا دیتا بھابی پلیز آپ کبھی بھی جب کوئی گھر میں۔نہ ہو تب کہیں نہ جانا ورنہ یہ راکشس پتا نہیں میرا کیا حال کرتا۔۔۔۔

حال سے کیا مطلب ہے تمہارا روشنہ نے اسے تنگ کرتے ہوے پوچھا

کچھ بھی بک دیتی۔ہے بن سوچے سمجھے حامد سوچ کے باہر چلا گیا۔۔۔۔

پاگل لڑکی اب کیا کیا تم۔نے روشنہ نے اس کے سر پے چپیٹ لگاتے ہوئے کہا

۔۔۔۔

تو اسنے سب بتا دیا اسے حامد کا بھی اور حیدر کا بھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وو سب ٹھیک ہے زروش تم اب بچی نہیں ہو میں جانتی ہوں تمہارا مقصد غلط نہیں تھا مگر اس طرح کسی لرکے سے پھول لینا اور وو بات بیان کر دینا لوگ اس کا مطلب غلط نکالتے ہیں اور تم بھی آفس میں کام۔ہی کرو زیادہ الٹا سیدھا بولنے کی ضرورت نہیں ہے گھر میں چاہے جیسے بھی رہو کوئی کچھ نہیں کہے گا مگر باہر اس طرح کی

حرکتوں پر لوگ آواز اٹھایں گے اور جو تمہارا باس ہے وہی اس بات کو غلط سمجھ لیتا تو۔۔۔۔

بھابی وو تو اتنا بڑا ہے مجھے نہیں لگتا کے کوئی بھی غلط مطلب نکالے گا اور۔۔۔۔

وو بول رہی تھی جب روشنہ بیچ میں بول پڑی تمہاری ماں کی اور تمہارے پاپا کی عمر میں۔ بھی بہت فرق ہے فنزا اور سلمان کی عمر میں بھی فرق ہے اور بھی اسنے کچھ رشتے بتائے گاؤ کے میں یہ نہیں کہ رہی کے تمہارا سر غلط ہے یا تم غلط کر رہی ہو مگر لڑکیوں کی عزت بہت نازک ہوتی ہے لڑکا کچھ بھی کرے دو دن بات کر کے لوگ بھول جاتے ہیں جب لڑکی کے دامن پے ذرا بھی خروچ آے تو لوگ پوری عمر تانے دیتے ہیں۔۔۔

لوگ کونسہ ہمیں کھانا پوھچاتے ہیں انکو جو سوچنا ہے سوچیں میرے خدا جانتے ہیں میں غلط نہی ہوں تو۔ مجھے لوگوں کی باتوں سے فرق نہیں پڑتا۔۔۔

روشنہ کو سمجھ نہیں آیا کے وو اپنی معصوم نند کو کیسے سمجھاے

میری بات سنو۔۔۔

بھابی چھوڑو مجھے بوکھ لگی ہے پلیز کھانا دے دو میں روم میں۔جا رہی ہوں۔۔۔۔

وو بول کے چلی گئی

روشنہ کو۔ سمجھ نہ آیا کے وو کیسے اپنی۔ نند کو صحیح غلط کا۔ مطلب سمجھاے کے لوگ کیسے ہوتے ہیں۔۔۔۔

زروش ہمیشہ اسے بتاتی تھی جو کچھ آفس میں ہوتا تھا حیدر کے ساتھ باہر جانا سب روشنہ کو ڈر لگا رہتا تھا اسنے کئی بار کہا تھا کے اسکی اسٹڈی کا خرچہ سب اٹھانے کے لئے تیار ہے مگر وو بول دیتی کے وو کسی پر بھی بوجھ نہیں بننا چاہتی۔۔۔۔

روشنہ ہمیشہ سمجھاتی مگر زروش ہاں ہوں کر کے چلی جاتی جیسے ایک کان سے سن کے دوسرے کان سے نکال دینا۔۔۔

پتا نہیں بھابی ہر وقت ایسا کیوں بولتی رہتی ہے اب پتا بھی ہے انکو سر کی عمر کا جب دیکھے گی تب ان کے دل و دماغ سے یہ وہم مٹ جائے گا پھلے امی کو یقین نہیں تھا لگتا ہے اب بھابی کو بھی نہیں ہے وہ منہ بنا کے بولی۔۔۔۔

زروش کی سوئی ابھی بھی عمر پر اٹکی پڑی تھی جب کے ہاشم نے تو اسے بھابی بنانے کا پورا انتظام کر رکھا تھا۔۔

☣☣☣

سیرت اور زروش کی بھی کافی اچھی دوستی ہو گئی تھی وہ دونوں کچن ٹین کی طرف جا رہی تھی جب باہر سے انہونے ولید کو لڑکی کے ساتھ دیکھا

www.novelsclubb.com

وہ اسے باتیں سنہ رہی تھی ولید یہ وہ کر رہا تھا۔۔۔۔

چلو جلدی اؤ وہ میرے کزن کو پتا نہیں کیا بول رہی ہے۔۔۔

اوہ ایم سوری آپ گونگے ہو مجھے پتا نہیں تھا میں۔۔بے وجہ ہی آپ پے برس پڑی

۔۔۔۔

ولید اس کو دیکھنے لگا کے مجھے گونگا سمجھ رہی ہے۔۔۔۔

ارے نہیں میڈم میرا۔ بھائی گونگا نہیں ہے اسکی زبان تو اتنی بڑی ہے ایک سیکنڈ بھی چپ نہیں بیٹھ سکتی مگر آپ کے سامنے بیچارے کی بولتی بند ہو گئی ہے پیچھے سے زروش نے ہنسی روکتے ہوے کہا۔۔۔۔

ولید نے اسے کھا جانے والی نظر سے گھورہ۔۔۔

اچھا آپ کا نام نمبر اور پتا بتا دیں زروش نے ولید کو نظر انداز کیا۔۔۔۔

کیوں اسنے سوال کیا؟؟؟؟

آپ۔ کے گھر رشتہ بھیجنا ہے اب کوئی تو ہے جس کے سامنے میرے بھائی کی بولتی بند ہوئی ہے اب مجھے آپ سے زیادہ پرفیکٹ بھابی۔ مل ہی نہیں سکتی وو بولے جا رہی تھی ولید تو بے یقینی کی کیفیت سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

سٹوپڈ وو۔ بول کے اپنے بالوں کو جھٹکا دیتی چلی گئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

زروش تو ولید کی حالت دیکھ کے ہنسے جا رہی تھی ولید گونگا ہاہاہا

سیرت کو بھی ہنسی آ رہی تھی مگر وو زیادہ نہیں ہنس رہی تھی۔۔۔

اب منہ بند کرو اپنا ولید پچھتا رہا تھا کے اس زروش کو بھی ابھی آنا تھا اب یہ اس کا مذاق اڑانے میں کوئی قصر نہیں چھوڑے گی۔۔۔۔

☣☣☣☣

آج زبیر صاحب شہر اے ہوے تھے آج انکو ایاز سے ملنا تھا وو اس کے گھر آے مگر لاؤنج میں آے تو وہاں کوئی نہیں تھا

لگتا ہے آج یہ لوگ کھیں گے ہوے ہیں وو بول کے پیچھے کو مڑا جب اسے روم سے آوازیں آنے لگی۔۔۔۔

وو روم کی طرف بڑھا

اسنے دروازہ کھولا تو اندر کا منظر دیکھ کے وو چکرا کے رہ گے

☣☣☣

زبیر صاحب نے پھلے تو اسکی پک لی کے اگر ابو کو کہوں گا تو یقین نہیں کریں گے اس لئے کچھ پکس لی۔۔۔

ایاز کی ان کی طرف بیک تھی جس وجہ سے وو نہ دیکھ سکا اسکو ایاز کسی لڑکی کے ساتھ بیڈ پر تھا۔۔۔۔

ایاز زبیر صاحب چیخ اٹھے زبیر صاحب کے لئے یہ کسی قیامت سے کم نہ تھا جس بیٹی سے وو اتنا پیار کرتے ہیں اس بیٹی کو وو اس شخص کے حوالے کر رہے تھے۔۔۔

انکی آواز پر ایاز نے انہیں دیکھا ایاز کے تو۔ہوش ہی اڑ گے وو آنکھیں پھاڑ کر انکو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

اس لڑکی نے چادر اپنے چہرے تک کر دی۔۔۔

زبیر صاحب وہاں سے جانے لگے کیوں کی اس وقت ایاز کی حالت ایسی نہیں تھی کے وو وہاں رکتے ایاز نے جلدی جلدی اپنی شرٹ پہنی۔۔۔۔

ارے زبیر بھائی آپ کب آے اور جا کہاں رہے ہیں بیٹھئے نہ نادیہ بیگم جو ابھی باہر سے آئی تھی زبیر صاحب کو دیکھا تو انکو رکنے کا بولنے لگی مگر انہیں کیا پتا کے اندر کیا ہوا ہے۔۔۔۔

زبیر صاحب بڑے ڈگ بھرتے جا رہے تھے ایاز بھاگتا ہوا انکے سامنے کھڑا ہو گیا ۔۔۔۔

نادیہ بیگم کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کے ہوا کیا ہے۔۔۔۔

انکل میری بات تو سنیے۔۔۔

زبیر صاحب نے ایک زوردار تھپڑ اسکے منہ پے لگایا نادیہ بیگم نے دونوں ہاتھ اپنے منہ پے رکھے وو کچھ بھی سمجھنے سے قاصر تھی۔۔۔

ایاز نے اپنے گال پے ہاتھ رکھا

کیا سنو جتنا دیکھ لیا وو کم تھا کیا اور ایک بات کان کھول کے سن لو میری بیٹی اب تم جیسے بیہودہ انسان کی بیوی کبھی نہیں بنے گی۔

نادیہ بیگم زبیر صاحب اور ایاز کی طرف آئی۔زبیر بھائی ہوا کیا ہے آپ ایسے کیوں بول رہے ہیں اگر ایاز سے کوئی غلطی ہوئی ہے تو بتایں اسنے نرمی سے کہا۔۔۔

اپنے بیٹے سے پوچھیے کے وو کیا پھول کھلا رہا تھا اندر۔۔۔۔

نادیہ بیگم نے اپنے بیٹے کی طرف دیکھا جیسے پوچھ رہی ہو کے کیا کیا ہے تم نے۔۔۔

ایاز اپنی نظریں جھکا گیا جسے نادیہ بیگم کو لگا کے اسنے کچھ غلط ہی کیا ہے۔۔۔۔

زبیر بھائی آپ آئیں ایک منٹ آرام سے بیٹھ کے باتیں کرتے ہیں اسنے التجا کی

۔۔۔۔

مجھے کوئی بات نہیں کرنی اور آج سے کوئی رشتہ نہیں ہے ہمارا خدا حافظ وو بول کے چلا گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

نادیہ بیگم ایاز پے برس پڑی کیا کر دیا ہے اب تم نے تبھی روم سے وو لڑکی باہر نکلی

نادیہ بیگم نے اسے دیکھا وو قدم بڑھاتی ایاز کے پاس آئی۔۔

نکل جاؤ میرے گھر سے نادیہ بیگم چیخ پڑی۔۔۔

وو ایاز کی طرف دیکھنے لگی ایاز تمہاری موم مجھے گھر سے جانے کا بول رہی ہے۔۔۔۔

اسے کیا بول رہی ہو نکل جاؤ میرے گھر سے وو اسے ہاتھ سے پکڑے باہر دروازے تک لے گئی اور اسی کے سامنے دروازہ بند کیا۔۔۔۔

اب وو ایاز کی طرف آئی

موم مجھے زروش ہر حال میں چاہیئے ایاز نے کہا اسے اپنے کیے پے ذرا بھی پچھتاوا نہیں تھا۔۔۔۔

بس کرو ایاز اگر اتنی ہی پرواہ تھی تو یہ سب۔۔۔۔

موم مجھے کیا پتا اچانک سے یہ زبیر انکل آجایں گے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تمھیں جو کچھ کرنہ تھا تو جا کر باہر کرتے گھر میں کرنے کی کیا ضرورت تھی اب اتنی مشکل سے تو ان لوگوں نے رشتہ دیا تھا اب تمہاری بیوقوفی کی وجہ سے وہ ہاتھ سے نکل گئی اب میں کچھ نہیں کر سکتی مجھے معاف کر دو۔۔۔۔

موم مجھے وہ ہر قیمت پے چاہیے جو بھی کرو آپ نہیں تو میں کرنے پے آیا تو۔۔۔۔۔

نادیہ بیگم۔اس کی بات کا مطلب سمجھ گئی۔۔۔۔

میں کوشش کروں گی ایک بار مگر مجھے نہیں لگتا اب وہ لوگ رشتہ جوڑے گے نادیہ بیگم صرف اتنا ہی بول پائی۔۔۔۔

کوشش نہیں موم ایک کام کریں آپ یہ کام اب مجھ پے ہی چھوڑ دیں۔۔۔۔

نہیں ایزا ابھی تم کچھ نہیں کرو گے میں نے کہا ہے تم سے میں ایک بار بات کرو نگی

۔۔۔

☣☣☣

حیدر کو کال آرہی تھی حیدر نے فون ہاتھ میں لیا اور سکرین پے چمکتا نمبر دیکھا اوہ حسن شاہ کی کال اسنے کال ریسیو کی۔۔۔

خیریت آج ہماری یاد کیسے آگئی حیدر نے کہا۔۔۔

حیدر مجھے تم سے ملنا ہے حسن شاہ نے کہا

کیوں۔۔۔

وو میں تم۔کو ملنے کے بعد ہی بتاؤ گا آج تم میرے آفس آؤ

ملنا۔آپ کو ہے تو آو بھی خد کام آپکا ہے میرا نہیں۔۔۔شام کو آجانا حیدر نے بول کے فون رکھ دی

www.novelsclubb.com

کسکی کال تھی بیٹا شہناز بیگم جو کے حیدر کے لئے کافی لے آرہی تھی اس کو کال پے بات کرتا سن لیا نام تو اسنے سن لیا تھا مگر انہیں لگا شاید سن نے میں غلطی ہو گئی ہو وو کیوں کال کریں گے۔۔۔

حسن شاہ کی حیدر نے بتایا

کیا حسن بھائی کی کیا کہہ رہے تھے اس کے ہاتھ کانپنے لگے۔۔۔

حیدر نے انسے کافی لی اور انکو بیڈ پے بٹھایا موم کیا ہوا۔۔۔۔۔

وو کیا کہہ رہے تھے کیوں کال کی تھی انہونے گھبراتے ہوے پوچھا۔۔۔

موم آپ کو ان سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے آج میرا بدلہ پورا ہونے جارہا ہے آج ک بعد وو تباہ ہو جاے گا

بیٹا ان کو چھوڑ دو جو ہو گیا بھول جاؤ پلیز وو خطرناک لوگ ہیں

موم شاید آپنے ابھی اپنے بیٹے کو جانا نہیں ہے وو میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور آپ ٹینشن نہ لے سب اچھا ہو گا وو بول کے چلا گیا

پیچھے شہناز بیگم کو پریشانی نے گھیر لیا تھا کے پتا نہیں اب کیا ہو گا یا اللہ میرے بچے کی حفاظت کرنہ انھونے دعا مانگی .

www.novelsclubb.com

شام کا وقت تھا حیدر بے صبری سے اس

کے آنے کا ویٹ کر رہا تھا کیوں کی وو آج اس کا ریئیکٹ دیکھنا چاہتا تھا

لوگ آفس میں انٹر ہوے وود ونوں صرف حیدر کی آفس کی طرف بڑھ رہے 2

تھے

یہ لوگ کون ہے وہاں کے سٹاف ایک دوسرے سے پوچھ رہے تھے پتا نہیں آج

تک تو کبھی دیکھا نہیں۔۔۔۔

رکیے آپ لوگ کون ہیں اور کسے ملنا ہے آپ کو۔۔۔۔

حیدر سے ملنا ہے حسن شاہ نے کہا۔۔۔

آپ لوگ یہاں ویٹ کریں میں سر سے پوچھ کے آتا ہوں۔۔۔۔۔

وو جانے لگا تو حسن نے اسے دھکا دے کے خد حیدر کی کیبن میں داخل ہوا۔۔۔

حیدر نے ایک نظر اس پے ڈالی چہرے پے غصہ صاف نظر آرہا تھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

آؤ حسن شاہ ویسے آپ تو جلدی ہی آ گے

وو دونوں آ کر وہاں پڑی چیئر پے بیٹھ گے۔۔۔

دیکھو حیدر۔۔۔۔

ایک منٹ بیٹھئے میں آتا ہوں حیدر بول کے باہر آیا

اسنے سٹاف کو بلایا

اندر بہت امپورٹنٹ میٹنگ ہے میری کسی بھی قیمت پر زروش کو اندر نہیں آنے

دینا وو بول کے واپس چلا گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

وو اپنی چیئر پے آ کے ٹانگ پے ٹانگ رکھ کے بیٹھ گیا۔۔۔

ہاں تو بتایں میں کیا خدمت کر سکتا ہوں آپ کی

حیدر تم۔اچھے سے جانتے ہو کے میں یہاں کیا بات کرنے آیا ہوں

ہاں جانتا ہوں مگر آپ مجھسے کیا چاہتے ہیں؟؟؟

حیدر مجھے یہ کونٹریکٹ چاہیئے اور میں چاہتا ہوں تم اسے پیچھے ہٹ جاؤ

کیوں آپ کو اپنی قابلیت پر شک ہے جو آپ مجھسے بھیک مانگنے آگے

حیدر زبان سمبھال کے بات کرو اسنے ٹیبل پے ہاتھ مارتے ہوے غصے سے کہا

تمیز سے پیش آؤ یہ آپ کا گھر نہیں میری آفس ہے۔۔۔

حیدر بیٹا میں تم سے ریقسٹ کر رہا ہوں میں نے بینک سے کافی قرض لے رکھا ہے

تمہارے پاس ویسے ہی بہت کونٹریکٹ تو یہ کونٹریکٹ مجھے لینے دو اسنے نرمی برقتے

ہوے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو پھر جا کے اس پے کام کریں تاقی آپ کو مل جائے آپ یہاں پر اپنا ٹائم کیوں

ویسٹ کر رہے ہیں۔۔۔

مجھے پتا ہے اگر تم آے تو وو تمھیں ہی ملیگا میں تمہارے باپ کی عمر۔۔۔

اپنے آپ کو میرے باپ سے کمپیر مت کریں حیدر نے تیور بدل کے کہا۔۔۔

اسکا مطلب تم اپنی ضد سے پیچھے نہیں ہٹو گے حسن شاہ نے اسے پوچھا۔۔۔

ن۔۔۔حیدر بول ہی رہا تھا جب زروش داخل ہوئی

ارے یار ایسا کسے ہو سکتا ہے میں نے تمھیں سمجھایا تو تھا وو کال پے کسی سے بات کر رہی تھی۔۔۔

حسن شاہ نے مڑ کر اسے دیکھا اور ایک مسکراہٹ چہرے پے سجائی۔۔۔

حیدر نے اسے دیکھ لیا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

نکل جاؤ یہاں سے حیدر نے اسے کہا۔۔

سر میں تو یے۔۔۔۔۔

سنائی نہیں دیتا نکل جاؤ یہاں سے حیدر نے چیئر سے اٹھتے اونچی آواز میں کہا۔۔۔

جسے زروش کافی گھبرا گئی اور جلدی سے باہر چلی گئی

اوہ واہ کافی چنتا ہے حیدر کو اسکی حیدر کے چہرے پے حسن نے فکر دیکھ لی تھی۔۔۔

مجھے یہ کونٹریکٹ کسی بھی حالت میں چاہیئے اس کے لئے میں کچھ بھی کر سکتا ہوں

کچھ بھی کا مطلب تم سمجھ تے ہو نہ

جو کرنہ ہے کر لو میں بھی دیکھتا ہوں یہ کونٹریکٹ آپ کو کیسے ملتا ہے۔۔

ویسے یہ لڑکی۔۔۔۔۔ووبول کے ایک شیطانی ہنسی ہنسا۔۔۔۔

اسکی یا میرے کسی بھی سٹاف کی طرف آنکھ اٹھا کے بھی دیکھا تو میں بھول جاؤں گا

کے میرا اور اآپکا رشتہ کیا ہے۔۔۔

ووتو تم بھول چکے ہو اب تم اس ڈیل سے ہٹ جاؤ نہیں تو جو ہو گا اس کے زمیدار تم

خد ہو گے۔۔۔۔۔

ووبول کے اٹھنے لگا۔۔۔

یہ بیٹھ پیچھے وار آپ جیسے گیدڑ ہی کرتے ہیں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اب تمہیں میں نے پیار سے سمجھایا مگر تم نہیں سمجھے اب تم خود مجھے مجبور کر رہے ہو

☣☣☣

اب بولو ابو کیا اب بھی آپ یہی کہینگے کے اس کے ساتھ زروش کی شادی ہو ہمیشہ آپ کو جلد بازی رہتی ہے نہ اگر غلطی سے ہم اس کے ہاتھ اپنی بچی کو سونپ دیتے تو کیا ہو جاتا۔۔۔۔

مجھسے ایاز کو پہچان نے میں بھول ہو گئی مگر بھلا ہو خدا کا جس نے صحیح وقت پر اسکی اصلیت ہمارے سامنے لاے میں شکر کرتا ہوں اپنے مالک کا دادو نے شکر کیا کے وو اتنا بڑا غلط فیصلہ کرنے سے بچ گے۔۔۔۔

دادو کو جب زبیر صاحب نے بتایا تو انہیں لگا وو جھوٹ بول رہا ہے تاقی زروش کی شادی اسے نہ ہو کیوں کی انہیں لگا یہ دونوں باپ بیٹی تو چاھتے نہیں کے شادی ہو

مگر جب زبیر صاحب نے پک دکھائی تو انکو ماننہ پڑا اور داد و افسوس کر رہے تھے اپنے فیصلے پر۔۔۔۔

☣☣☣☣

تمھیں یہاں نے منع کیا تھا نہ کے زروش کو مت بھیجنا پھر وو یہاں کیسے آئی وو اپنے سٹاف پے چیخ رہا تھا۔۔۔

ہاں جب سر نے منع کیا تھا تو بتا دیتے میں نہیں آتی خامکھا ان لوگوں کے سامنے میری بے عزتی کرا دی اسنے بھی سٹاف کو کہا۔۔۔

سر۔۔۔۔وو۔۔۔وو۔۔۔

www.novelsclubb.com

یہ وووو کیا ہے صاف بتاؤ نہ کے کیوں نہیں بتایا مجھے زروش نے پھر اسے ٹوکا۔۔۔۔

سٹاف تو حیریت سے اسے دیکھنے لگا کے حیدر سر اتنا غصے میں ہے اور یہ ڈرنے کے بجائے الٹا بول رہی ہے۔۔۔۔

شٹ اپ حیدر کی آنکھیں غصے سے لال ہو گئی تھی سٹاف کی تو ڈر سے جان نکلی جا رہی تھی۔۔۔۔

مگر زروش کو کہاں پرواہ تھی۔۔۔۔

نکل جاؤ یہاں سے اور آج کے بعد یہاں کام پے آنے کی ضرورت بھی نہیں۔۔۔۔

سر غلطی ہو گی پلیز معاف کر دیں دوبارہ ایسی غلطی کبھی نہیں ہو گی سر پلیز۔۔۔۔

زروش کو بہت عجیب لگا کے صرف اسکے آنے سے وو سٹاف کو نوکری سے نکال رہا ہے۔۔۔

سر غلطی اسکی نہیں میری تھی آپ پلیز انکو جاب سے نہ نکالیں انہونے مجھے روکا تھا مگر میں کال پے تھی جس وجہ سے میں نے دھیان نہیں دیا مگر آپ میری غلطی کی سزا اسکو نہ دیں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وو اسے دیکھنے لگا وو جانتا تھا غلطی اسکی نہیں تھی خدا اسکی اپنی تھی وو باہر نکل گیا تھا اسے پتا ہی نہ چلا زروش کے آنے کا۔۔۔۔

جاؤ جا کے اپنا کام کرو اور دوبارہ میں کوئی غلطی برداشت نہیں کروں گا۔۔۔

تھنک یو سو مچ سر وو بول کے چلا گیا۔۔۔۔

تم کو جب کسی کام کے لئے روکا تو تم کیوں نہیں رکی حیدر نے اب زروش پے بھڑاس نکالنی چاہیے۔۔۔۔

وو وہاں سے ہٹ کے ٹیبل سے پانی کا گلاس لینے لگی اور حیدر کے سامنے آ کر کھڑی ہو گی سر آپ یہ ٹھنڈا پانی پی لیجیے دادو کہتے ہیں جب انسان غصے میں ہو اسے ٹھنڈا پانی پینا چاہیئے اسے اسکا غصہ ختم ہو جائے گا اسنے اسکی طرف پانی کا گلاس بڑھایا حیدر نے ایک جھٹکے سے اسے گلاس لیا اور زمین پر پھینک دیا جسے وو گلاس چکنا چور ہو گیا

۔۔۔

زروش نے اپنے کانوں پے ہاتھ رکھ دیا

حیدر نے ایک زور کا تھپڑ اس کے گال پے رسید کیا۔۔۔۔۔

ووخد کو سمبھال نہ پائی اور سیدھا نیچے گر گئی۔۔۔

حیدر نے بے رحمی سے اسے اٹھایا اور اسکے بازو کو سختی سے پکڑا تمھیں ہر وقت مذاق سجتا ہے تم کو اتنا بھی سمجھ میں نہیں آتا کے اگلا پریشان ہے کوئی سیریس میٹر ہے تم ہر وقت بچکانی حرکت کرتی پھرتی ہو اب میں تمھیں پہلی اور آخری وارننگ دے رہا ہوں آج کے بعد اگر کوئی بچکانی حرکت کی تو میں تمھیں نہیں بخشونگا اب اسنے اسے دھکا دے کے اپنے ہاتھ اسے ہٹائے

حیدر اسے بیک دے کے اپنی پیشانی مسلنے لگا۔۔

اسے ٹینشن تھی کے حسن شاہ کچھ کر نہ دے زروش کے ساتھ۔۔۔

ووا اپنے بازو دیکھنے لگی جو لال ہو گے تھے

وو جلدی سے وہاں سے بھاگ کر باہر نکلی۔۔۔۔

میرا گال ہے یا طبلہ جب دیکھو کوئی نہ کوئی گال پے بجا دیتا ہے کبھی امی کبھی حامد اور اب یہ سڑو انکل بھی بٹ حامد کے ہاتھ میں اتنی طاقت نہیں تہی لگتا ہے یہ صبح کو روز چکن کھاتا ہے تبھی تو اتنی طاقت ہے کے میرا پورہ معصوم گال درد کر رہا ہے وو بولتے جا رہی تھی۔۔۔۔

۔۔۔۔

حیدر نے آج جلدی ہی زروش کو گھر ڈراپ کر دیا تھا اسنے منع کیا کے وو ولید کو کال کر کے بلا لے مگر حیدر اسے خد چھوڑنے آیا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

وو گھر میں داخل ہوئی جہاں روشنہ سلمان آیاں ولید حامد ریحانہ بیگم اور فنزا بیٹھے ہوے تھے۔۔۔۔

اسلام و علیکم بھائی کیسے ہو آپ اور آپ کب آے۔۔۔۔

وعلیکم سلام سلمان اور ایان

دونوں نے جواب دیا

ایک وقت میں ایک سوال کرو اتنے نہیں سلمان نے اسے کہا۔۔

کیا کروں بھائی آپ دونوں کو میں پورے 4 سال بعد دیکھ رہی ہوں تو خوشی سے سارے سوال نکل گے۔۔۔

آپ لوگ گاؤں بھی تو نہیں آتے زروش ریحانہ بیگم کے ساتھ بیٹھ گئی۔۔۔۔

کیا کریں کام بہت ہوتا ہے نہ کہیں جانے کا ٹائم ہی نہیں ملتا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اچھا بھائی اب تو آپ دونوں کہیں نہیں جا رہے نہ۔۔۔

زروش یہ تمہارے گال کو کیا ہوا ہے ولید کی نظر اس کے ٹماٹر کی طرح لال بنے گال پے پڑی

☣☣۔۔۔

ولید کے پوچھنے پر سب کی نظر اس کے گال پے گئی زروش نے اپنا ہاتھ گال پے رکھا اسے حیدر پے غصہ آیا حامد نے اسکے ریایکٹ سے پتا کر لیا کے کچھ ضرور ہوا ہے

زروش کیا ہوا ہے ریحانہ بیگم نے اس کے کندھے پے ہاتھ رکھا۔۔۔

کچھ بھی تو نہیں۔۔۔

زروش تم سے ولید نے کچھ پوچھا ہے تم۔نے بتایا نہیں فنزا نے اسے یاد دلائی۔۔۔

وو۔۔یہ تو۔۔۔وو۔۔۔اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کیا بولے

ہاں وو میرے گال پے بہت خارش ہو رہی تھی جس وجہ سے یہ لال ہو گیا۔۔۔

مجھے لگتا ہے ڈاکٹر کو دکھا دینا چاہئے ورنہ کوئی انفیکشن نہ ہو جائے ولید نے کہا۔۔۔

اتنی سی بات کے لئے کوئی ڈاکٹر کے پاس جاتا ہے ووتپ کے بولی۔۔۔۔

ارے میڈم غصہ کیوں ہو رہی ہو۔میں تو تمہارے بھلے کے لئے کہہ رہا ہوں۔۔۔

www.novelsclubb.com

اپنا بھلا اپنے پاس ھی رکھو۔۔۔

ہاں کیوں کی تم تو اس کے لائق ہی نہیں ہو کے تم سے کوئی بھلای کی بھی جائے۔۔۔

تو تم۔۔۔۔ووبول رہی تھی جب ریحانہ بیگم نے دونوں کو ڈانٹا بس کرو تم دونوں لڑنے کے علاوہ کوئی کام نہیں ہے کیا تم دونوں کو بچے نہیں ہو تم دونوں ووبول کے چلی گئی۔۔۔۔

زروش منہ بنا کے بیٹھ گئی۔۔

کچھ ہی دیر میں ریحانہ بیگم آ گئی۔۔زروش یہ مرہم لگا لو اسے تمہارا گال ٹھیک ہو جائے گا اور خارش بھی نہیں ہو گئی۔۔۔۔

اور سب لوگ جاؤ جا کے ہاتھ منہ دھو کے آؤ میں کھانا لگا رہی ہوں۔۔۔۔

اسکے بولنے پے سب جانے لگے۔۔۔

www.novelsclubb.com

مگر حامد کے دماغ میں کچھ اور ہی چل رہا تھا اسے لگ رہا تھا زروش جھوٹ بول رہی ہے۔۔۔۔

زروش نے آکر شیشے میں خد کے گال کو دیکھا کتنا لال ہو گیا ہے اور سوج بھی گیا ہے وو معصومیت سے بول رہی تھی۔۔۔

حامد نے سب کو ڈاننگ ٹیبل پر دیکھا سوائے زروش کے تو وو سیدھا اس کے روم میں آیا۔۔۔

زروش کو کسی کے قدموں کی آہٹ سنائی دی تو اسنے دروازے کی جانب دیکھا جہاں سے حامد۔آرہا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

زروش باہر جانے کے لئے ہوئی جب حامد نے اسکا راستہ روکا۔۔۔

حامد مجھے بہت بوکھ لگی ہے مجھے جانے دو اسنے کہا۔۔۔

تمہارے گال پے کیا ہوا ہے حامد نے سنجیدگی سے پوچھا۔۔۔

نیچے جو بتایا اسنے نظریں چراتے کہا۔۔۔۔

وو سچ نہیں تھا۔۔۔۔

نہیں تمھیں ایسا کیوں لگا میں نے سچ ہی بتایا ہے۔۔۔۔

یا تو تم مجھے بیوقوف سمجھتی ہو یا خد کو اور سمارٹ اب سچ سچ بتادو۔۔۔۔

یہ نشان۔۔۔۔

مجھے پتا ہے یہ نشان کس کے ہیں تم مجھے صرف یہ بتاؤ تم پر ہاتھ کسنے اٹھایا۔۔۔

کسی نے بھی تو نہیں یہ نشان تھپڑ کے نہیں ہے وو ہچک کے بولی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اچھا چلو آزما لیتے ہیں یہ نشان تھپڑ کے ہے یا نہیں اسنے اپنا ہاتھ اوپر کیا۔۔۔۔

بتاتی ہوں بتاتی ہوں اسنے حامد کے اشارے کو سمجھ لیا تبھی جلدی سے بول پڑی

۔۔۔۔

گڈ گرل ویسے تم ہر بات پیار سے ہی بتادیا کرو تو زیادہ اچھا ہے۔۔۔۔

وو یہ نشان مجھے۔۔۔۔

وو بول رہی تھی جب روشنہ انہیں بلانے کے لئے آئ

کتنا وقت لگاؤ گے سب ویٹ کر رہے ہیں تم دونوں کا زروش نے روشنہ کو دیکھا تو جلدی سے اس کے پاس آگئ۔۔۔

بھابی آپ 2 منٹ بعد نہیں آسکتی تھی حامد نے اسے کہا۔۔۔

نہیں بھابی آپ بلکل وقت پر آئ ہو تھنک یو سو مچ اسنے بول کے اس کے گال پے کس کیا اور جلدی سے بھاگ کر نیچے چلی گئ۔۔۔

www.novelsclubb.com

☣☣☣☣

حیدر پوری رات اس ڈیل کے لئے محنت کرتا رہا وو کسی بھی حال میں یہ کونٹریکٹ حسن کو ملنے نہیں دینا چاہتا تھا مگر اسکے ساتھ ساتھ اسے یہ بھی ٹینشن تھی کے حسن زروش کو کچھ کر نہ دے وو زروش کو ان سب سے دور رکھنا چاہ رہا تھا مگر وو حسن کی نظر میں آچکی تھی۔۔۔

وو کچھ بھی کر کے زروش کو سیف رکھنا چاہتا تھا۔۔

حیدر ٹیرس پے آ گیا اسکی نیند اڑ چکی تھی اسکو زروش کا معصوم چہرہ نظر آیا وو نہ چاہتے ہوے بھی زروش کی یادوں میں کھو رہا تھا اسکی شرارت اسکے پاگل پن اسکی بچکانی حرکتیں۔۔۔۔

وو اپنی۔ سوچوں کے ہواسوں سے باہر آیا میں کیسے ہاتھ اٹھا سکتا ہوں اس پے میرا کوئی حق نہیں بنتا میں کیوں اسکی معصومیت کو اسے چھین رہا اسے خد پے غصہ آ رہا تھا کے وو حسن کا غصہ اس پے کر گیا۔۔۔

☣☣☣

www.novelsclubb.com

زروش کروٹیں بدل رہی تھی مگر نیند اس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔۔۔

افف خدایا یہ نیند کیوں نہیں آ رہی مجھے وو بول کے اٹھ کے کھڑکی کے پاس کھڑی ہو گئی جہاں سے ٹھنڈی ہوا اس کے چہرے کو چھو رہی تھی اس کے بال ہوا میں اڑ رہے تھے اسنے دونوں ہاتھ باندھ کر اپنی آنکھیں موند لی اسکی آنکھوں کے سامنے

حیدر کا خوف ناک چہرہ سامنے آیا اسنے جھٹ سے آنکھیں کھولی یہ کیا یہ ہٹلر تو مجھے گھر میں بھی ڈرا رہا ہے۔۔

اس کے سامنے آج کا منظر گھوم گیا اسنے اپنے بازو کو اپنے ہاتھ سے چھوا جس پر حیدر کی انگلیوں کے نشان تھے۔۔۔۔

حیدر انکل آپنے مجھ پے ہاتھ اٹھایا ہے نہ دیکھنا کل میں آپ سے کیسے بدلہ لیتی ہوں سمجھتے کیا ہو خد کو اب یہ نے صرف پانی ہی تو دیا پانی پے کوئی مارتا ہے کیا وو معصومیت سے بول رہی تھی اب میں آپ کو نہیں چھوڑوں گی دیکھنا اب وو خد سے مخاطب ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وو بے سکون سی گھوم رہی تھی کبھی یہاں کبھی وہاں۔۔۔

وو پوری رات جاگتی رہی۔۔۔

☣☣☣

حامد بھی آج جاگتا رہا اسے آج جیسے زروش کو کھونے کا ڈر محسوس ہو رہا تھا وو سمجھنے سے قاصر تھا کے اسے آج ایسا کیوں لگ رہا ہے۔۔۔

وو بھی کھڑکی کے سامنے کھڑا ہو گیا اور اپنی ان سوچوں کو ختم کرنے کی کوشش کرنے لگا اسنے اپنی آنکھیں بند کر دی اس کی آنکھوں کے سامنے زروش کا روتا چہرہ گھوم گیا جب اس کی وجہ سے وو روئی تھی اور اس کے بعد سے وو اتنی پتھر دل بن گئی کے کسی کا رونا گڑگڑانا بھی اس کے سامنے کچھ نہیں تھا حامد آج تک اپنی کی ہوئی غلطی پے پچتا رہا تھا زروش تو سہ چکی تھی اسے کے اسنے کچھ بھی اسے چھپایا تو چھوڑ دیگی مگر اسے لگا کے وو اتنا پیار کرتی ہے اسے معاف کر دیگی مگر اسے کیا پتا تھا کے ایسا سچ میں وو کرے گی اور اسے چھوڑ دیگی۔۔۔۔

☣☣☣

فجر کی نماز کا وقت ہو گیا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اسے کچھ سکون سا ملا اور اسکے بعد وہ جلدی ہی سو گئی

☣☣☣☣

حیدر کی بھی حالت ایسی ہی تھی وہ بھی پوری رات جاگتا رہا اور زروش کو سوچتا رہا بار بار اپنی سوچ جھٹک دیتا مگر پھر بھی وہ کیسے نہ کیسے یاد آ ہی جاتی

☣☣☣

زروش کو تو اب یونیورسٹی میں بھی نیند آ رہی تھی کلاس ختم ہونے کے بعد وہ لائبریری میں آ گئی اور اور وہاں بوک کھول کے پڑھنے کی کوشش کر رہی تھی پڑھتے پڑھتے اس نے بوک میں ہی سر ٹکا دیا اور کچھ ہی پل میں وہ نیند کی وادی میں چلی گئی۔۔۔

آخر یہ زروش گئی تو گئی کہاں سیرت اسے ہر جگہ ڈھونڈ چکی تھی مگر اسے کہیں نظر نہیں آئی۔۔۔اسے کچھ یاد آیا ھاے میں بھول کیسے گئی وہ تو پڑھا کو کیڑا ہے وہ پکا

www.novelsclubb.com

لائبریری میں ہو گئی وو وہاں جانے لگی اسکی نظر سوئی ہوئی زروش پے پڑی حامد اس کے ساتھ ہی بیٹھا اس پے نظر۔ ٹکائے بیٹھا تھا۔۔

یہ سو رہی ہے کیا اسنے حامد سے سوال کیا؟؟؟

شششش حامد نے اسے چپ رہنے کا کہا اور اسے تھوڑا زروش سے فاصلے پر بلایا

۔۔۔۔

ابھی کلاس سٹارٹ ہونے والی ہے آپ اٹھاؤ نہ اسے سیرت نے کہا۔۔۔

نہیں سونے دو اسے اور رہی بات کلاس کی تو میں سارا لیکچر اسے سمجھا دوں گا اسنے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

.وو دونوں وہاں سے چلے گے

***

ایک گھنٹے بعد زروش کی آنکھ کھلی۔۔۔

یہ کیا میں لیب میں ہی سو گئی افف میں بھی نہ وو جلدی جلدی اپنے بوکس سمیٹ کے کلاس کی طرف جانے لگی کے پیچھے سے سیرت نے اسے ٹوکا

میڈم صاحبہ اب چھٹی ہو گئی ہے کافی لوگ اپنے گھر میں پونچھ چکے ہیں اور آپ کو اب یاد آرہا ہے کے آپ کو کلاس اٹینڈ کرنی ہے۔۔۔

کیس چھٹی ہو گئی؟؟؟

ہاں اب چلو تم تو سوئی تھی نہ

یار اٹھا دیتی نہ میری کلاس مس ہو گئی۔۔۔

میں نے اٹھانا چاہا تھا مگر تمہارے کزن نے روک لیا اور کہا کے میں سارا لیکچر سمجھا دونگا تم کو تنگ نہ کروں۔۔۔۔

ولید نے؟؟

نہیں حامد نے۔۔۔

اچھا اب میں چلتی ہوں بھائی کا میسج آیا کے اسنے موبائل دیکھ کے کہا۔۔۔

وو بول کے چلی گئی کچھ ہی دیر میں ولید اسے ڈھونڈتا ہوا آیا کہاں تھی کب سے کال کر رہا ہوں اٹھا کیوں نہیں رہی۔۔۔

اسنے فون دیکھا جو سائلینٹ پے تھا۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے اب چلو

☣☣

اس لڑکی کو اٹھالو کیوں کی حیدر ایسے مان نے والا نہیں ہے بہت ضدی ہے وو سگریٹ پیتے ہوے بول رہا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

مگر کیسے اٹھاؤں وو لڑکی اکیلے تو کہیں جاتی نہیں کوئی نہ کوئی ساتھ ہوتا ہے اور اب گھر میں تو جا نہیں سکتا۔۔۔

میٹنگ سے پھلے تک اس لڑکی کو اٹھالو

تمھیں جتنے پیسے چاہیئے میں دونگا مگر مجھے وہ لڑکی کسی بھی قیمت پے چاہیئے اگر آج یہ ڈیل مجھے نہیں ملی تو میں سڑک پر آجاؤں گا حسن شاہ نے کہا۔۔۔۔

کام ہو جائے گا اسنے بول کے کسی کو کال ملائی

☣☣☣

وہ شام کو حیدر کی آفس آئی اور نکلی سانپ حیدر کی فائل میں رکھ دیا مجھے کل مارا تھا نہ اب جب خدڑ جائے گا نہ تو میں ویڈیو بنالونگی بعد میں سب کو دکھاونگی... تبھی اسے کال آئی علیشہ کی کال تھی علیشہ نے اسے مگنی ٹوٹنے کا بتایا وہ خوشی سے پاگل ہوئی جارہی تھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ خوشی سے گنگنا رہی تہی ساتھ میں گول گول گھومنے نہیں لگی۔۔

آج اتنی خوشی ملی ہے ایسا لگتا ہے میں ہوا میں ہوں۔۔۔

تبھی حیدر کافی ہاتھ میں لئے وہاں آیا زروش اسے نہ دیکھ پائی اور گھومتے گھومتے اسکا ہاتھ حیدر کی کافی پے لگا جسے وہ گر گئی۔۔۔۔

زروش رک گئی مگر گھومنے کی وجہ سے اسے چکر آرہے تھے۔

سوسو۔۔۔سوری سر یہیں نے۔۔۔آپ کو دیکھا نہیں اسنے اپنے سر پے ہاتھ رکھ کے کہا۔۔۔

یہ بچو کی طرح ڈانس کیوں کر رہی تھی حیدر نے نرمی۔سے پوچھا۔۔۔

سر آج میں بہت بہت بہت زیادہ خوش ہوں اسنے بہت پے زیادہ زور دیا۔۔۔

حیدر نے اسے دیکھا جیسے پوچھ رہا ہو وجہ

آج میری منگنی ٹوٹ گئی اسنے خوشی سے بتایا۔۔۔

حیدر کو سچ میں وو۔پاگل لگی کیا تمھیں خوشی ہے تمھیں تو۔افسوس ہونا۔چاہیئے تھا

۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں سر مجھے نہ اس سے کرنی ہی نہیں تھی یہاں تک کے میں نے تو اسے دیکھا بھی نہیں اور ابھی میری عمر ہی کیا ہے میری بہت وشز ہیں جن کو میں پورا کرنہ چاہتی ہوں جو شادی کر کے پوسبل نہیں ہیں۔۔۔

اچھا کونسی؟؟؟

کچھ سیکریٹ ہیں وو بول کے ٹوٹا ہوا کپ اٹھانے کے لئے نیچے بیٹھ گئی۔۔۔۔

رکو ہاتھ مت لگانا لگ جائے گی حیدر نے اسے کانچ اٹھاتے دیکھا تو کہا۔۔۔۔

مگر سر پھر کون اٹھائے گا۔۔۔

اسے تم چھوڑو مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے حیدر نے کہا۔۔۔

جی سر اسنے مسکرا کے کہا۔۔۔

میں یہاں۔ سیریس بات کرنے والا ہوں۔ سیریس ہو کے سنو۔۔۔

سر اب میری شکل سیریس نہیں ہوتی تو میں کیا کرو۔۔۔

حیدر نے ایک ڈنڈی آہ بھری۔۔۔

زروش آج میں تمھیں 2 آپشن دے رہا ہوں تم۔خد سوچو تم کونسہ چنو گی

آج میری ایک بہت اھم میٹنگ ہے۔۔۔

اوکے سر آپشن کیا ہے وو بیچ میں ہی بول پڑی۔۔۔۔

حیدر نے ایک۔ نظر اسے دیکھا اور پھر بولنہ شروع کیا تو 1 یہ آپشن کے تم میرے ساتھ میٹنگ میں چلو۔۔۔اور 2 یا تم آج اپنے گھر میں رہو۔۔۔۔

وو سوچنے لگی گھر میں رہو گی اسنے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

مگر تم پھر پورا دن گھر سے باہر نہیں نکلو گی کہیں بھی۔۔۔۔

کیوں۔

میں تمھیں 2 آپشن دئے ہیں اب کیوں کس لئے یہ تمھیں۔جان نے کی ضرورت نہیں اگر گھر میں رہنا ہے تو پورا دن کہیں نہیں جاؤ گی۔۔۔

اوکے۔سر

میری نظر ہو گئی تم پے اگر گئی تو اچھا نہیں ہو گا۔۔۔

سر آپ ٹینس نہ لیں میں کہیں نہیں جاؤں گی۔۔۔

حیدر اسکی بات سن کے ٹیبل کی طرف بڑھا جہاں اس کی فائل پڑی تھی

اب مزہ ایگا زروش مسکرای اسے ایسا لگا کے اس کے پاؤں پر کچھ ہے اسنے اپنے پیر کی طرف دیکھا تو کاکروچ اس کے پیر پے چڑھ رہا تھا وو چلانے لگی اور چلا کے ارد گرد بھاگنے لگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیا ہوا گلہ کیوں پہاڑ رہی ہو۔۔۔

وو پھر بھی چلا رہی تھی وو بھاگ کر حیدر کے پیچھے آگئی اور اس کے بازو کو زور سے پکڑ رکھا سر بچاؤ وو آنکھیں بند کر کے چلانے لگی۔۔۔۔

حیدر کو وو زور سے پکڑ کے کھڑی تھی حیدر کو سمجھ نہیں آیا کے اچانک اس کو کیا ہو گیا۔۔۔

اسکی چیخ سن کے سارے سٹاف وہاں جمع ہو گے۔۔۔

حیدر نے اپنے کانوں پے انگلیاں دے دی

چپ ہو جاؤ حیدر نے چلا کے کہا۔۔۔

ان سب کو لگا کے زروش نے کچھ کیا ہے جس وجہ سے حیدر اسے کچھ بول رہا ہے ۔۔۔

زروش چپ ہو گئی مگر اب بھی وو حیدر کو ویسے ہی پکڑے کھڑی تھی۔

کیا ہوا کیوں چلا رہی ہو۔۔۔

سر وو کا کر وچ اسنے دیکھا کے وو وہی آ رہا ہے تو جلدی سے ٹیبل پے چڑھ گئی۔۔۔۔

زروش اتر و نیچے۔۔۔

نہیں پھلے آپ اس کا کروچ کو مارو۔۔۔

کہاں ہے؟؟

اسنے اشارہ کر کے دکھایا۔۔۔

سلیم اٹھاؤ اسے اسنے سٹاف سے کہا۔۔۔

اور تم سب بھی جاؤ جا کے اپنا کام کرو۔۔۔

اتر و نیچے اب ووزروش سے مخاطب ہوا۔۔۔

تمھیں کتنا بھی سمجھاو کتنا بھی سناؤ مگر تم پے ذرا بھی اثر نہیں کرتا آخر کیا بلا ہو تم

www.novelsclubb.com

۔۔۔۔

سر میں تو لڑکی ہوں کلی بلا نہیں۔۔۔

حیدر کو اسے ایسے ہی جواب کی امید تھی اسنے فائل اٹھائی اسے ووسانپ نظر آیا

اسنے جھٹک دیا وو سمجھ گیا کے یہ حرکت زروش کی ہی ہو گی۔۔۔

عجیب ہے اسے سر کو ڈر بھی نہیں لگا اور میں تو پتا نہیں کیا کیا سوچ رہی تھی۔۔۔۔

چلو اب۔۔۔

☣☣

حیدر اسے گھر چھوڑنے جا رہا تھا اسے لگا کے کوئی اسکی گاڑی کا پیچھا کر رہا ہے اسنے بیک مرر سے دیکھا ایک گاڑی اسے فولو کر رہی تھی حیدر نے گاڑی دوسری طرف موڑ دی۔۔۔۔

سر میرا گھر یہاں سے نہیں آتا۔۔۔

حیدر نے دیکھا کے وو گاڑی چلی گئی اسے لگا اسکا وہم تھا اسنے واپس اسی راستے پے گاڑی کر دی۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں زروش کا گھر آ گیا وو جانے لگی۔۔۔

حیدر گاڑی سے اترا اور اسے آواز دی۔۔۔

زروش آئی جی سر۔۔۔

زروش یہ نے جو کہا ہے اس پے عمل کرنہ آج کے دن پلیز کہیں مت جانا آج پورا دن گھر میں رہنا۔۔۔۔

سر یہ بات آپ 25 بار بول رہے ہو۔۔۔۔

تم سے 100 بار بھی بولی جائے تو کم ہے کیوں کے عمل تو تم نے کرنہ نہیں اور تم یہ کاؤنٹ کر رہی تھی۔۔۔

اور نہیں تو کیا اور سر آپ فکر مت کریں میں کہیں نہیں جاؤ گی آج گھر پے ہی رہو نگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

حیدر جانے لگا

سر

حیدر نے اسے مڑ کے دیکھا۔۔۔

بیسٹ آف دی لک زروش نے مسکرا کے کہا۔۔۔

حیدر بن کچھ بولے گاڑی میں بیٹھ گیا۔۔

☣☣☣

وو جاتا حیدر کو دیکھتی رہی دیکھتے ہی دیکھتے حیدر کی گاڑی اس کی آنکھوں سے اوجھل ہو گئی

میں کیوں اسے دیکھ رہی ہوں چل زروش اب جا گھر اور جا کے سو جا ویسے بھی آج کے دن ہی تو چھٹی ملی ہے وو بول کے گیٹ کی طرف بڑھنے لگی کے 3 بوائز اس کے سامنے آ گے۔۔۔

www.novelsclubb.com

کون ہو تم لوگ اور میرا راستہ کیوں روکا ہے زروش نے بن ڈرے ان سے سوال کیا ؟؟

ایک بوئے نے آکر اسکے منہ پے ہاتھ رکھا اور ایک نے جلدی سے آکر اسے انجکشن لگائی جسے وو بیہوش ہونے لگی وو بوئے اسے اٹھا کر اپنی گاڑی میں لے آیا اور 3 نو بیٹھ گے۔۔۔

☣☣☣

آج زبیر صاحب کھیتوں سے واپس آرہے تھے جب لوگ ان کو عجیب عجیب نگاہوں سے دیکھ رہے تھے زبیر صاحب کو سمجھ نہ آیا کے ایسا کیا ہوا ہے جو یہ لوگ اسے اس طرح دیکھ رہے ہیں۔۔۔۔

تبھی اس کے ایک دوست سے اسکی ملاقات ہوئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسلام وعلیکم شاہد نے اسے گلے ملتے سلام کیا۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔۔

کیسے ہو زبیر آج کل نظر ہی نہیں آتے۔۔۔۔

میں نظر نہیں آتا یا تم زبیر صاحب نے الٹا سوال کیا۔۔۔

ہا کچھ کام تھے جس وجہ سے کافی دن سے مل نہیں پایا۔۔۔

صحیح زبیر صاحب نے الجھے انداز میں کہا۔۔۔

کیا ہوا تو کچھ پریشان دکھ رہا ہے شاہد نے سوال کیا؟؟؟

نہیں تو۔۔۔۔

دیکھ یار میں تجھے بہت عرصے سے جانتا ہوں تو تیرے چہرے پے دیکھ کے بتا سکتا ہوں کے تیرے دماغ میں کیا چل رہا ہے اب بتا کیا ہوا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

آج مجھے سب لوگ پتا نہیں عجیب نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں سمجھ نہیں آ رہا کے ایسا کیا ہو گیا ہے مجھسے یا پھر میرا وہم ہے زبیر صاحب نے بتایا۔۔۔

میں جانتا ہوں کے کیوں ایسے دیکھ رہے ہیں اسنے سنجیدگی سے کہا۔۔۔

کیوں۔بتاؤ۔۔۔

میں بتاؤ گا نہیں بلکے دکھاؤں گا مگر اس کے بعد تم میری بات سنو گے سمجھو گے پھر ہی کچھ بولو گے صحیح ہے اسنے اسکی طرف دیکھ کے کہا۔۔۔

ایسا کیا ہے جو تم ایسے بول رہے ہو۔۔۔۔

اسنے اپنی جیب سے فون نکالا جس میں زروش اور حیدر کی پکس تھی جس میں وو اسے پھول لے رہی تھی وو بھی خوشی کے ساتھ۔۔۔۔۔

یہ سب۔۔۔۔۔

میری بات سن میں۔زروش کو بچپن سے جانتا ہوں مجھے اس پر پورا اعتماد ہے وو ایسا کوئی کام نہیں کرے گی جسے تجھے تکلیف ہو ہاں اس پک کو دیکھنے کے بعد شاید تیرے دل میں بھی یہ سوال اٹھے کے وو کچھ غلط کر رہی ہے ہمیشہ وو سچ نہیں ہوتا جو دکھایا جاتا ہے یہ سب کیا ہے اس بات کا صحیح جواب تو صرف زروش ہی دے سکتی ہے مگر تم اسے ایسے بات مت کرنہ جسے اس کو لگے کے اس کا باپ بھی اس پر شک کر رہا ہے کیوں کی جب بھی کوئی مشکل آے گی وو تیری طرف دیکھے گی تم اس کی

جیت ہوا گر تم نے اسے کچھ بھی کہا یا اسے یہ احساس ہوا کے اس کے بابا بھی اس پے یقین نہیں کر رہا تو وو ہار جائے گی لوگ کچھ بھی کہیں اسے فرق نہیں پڑتا کیوں کے اس کو ہمیشہ سے پتا ہے کے اس کے بابا اس کے ساتھ ہے اور اس بار بھی تم اسکا ساتھ دینا اس کا ساتھ مت چھوڑنا کیوں کی بھابی اور چچا کا اس کے ساتھ رویہ کیسا ہے یہ تم بھی اچھے سے جانتے ہو اس وقت اگر یہ بات ان کو پتا چلی تو وو لوگ یقین نہیں کرے گے اس پر اور وو صرف تیری طرف دیکھے گی۔۔۔

وو کچھ دیر خاموش ہوا

اگر ایسا کچھ بھی ہوتا تو مجھے پوری امید ہے وو تم کو ضرور بتاتی۔۔۔

میری بات سمجھ رہے ہو نہ تم اسنے زبیر کو کھوتا ہوا پایا تو اس کے کندھے سے اسے ہلایا۔۔۔۔

میں۔جانتا ہوں۔اپنی بیٹی کو مگر اسے تو پورے گاؤں میں بدنام ہو گی نہ وو اسنے اداسی سے کہا۔۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تو ویسے کونسہ پورا گاؤں اس پر یقین کرتا ہے تم گاؤں پر نہیں اپنی بیٹی پر توجہ دو لوگوں کا کام ہے کہنا لوگوں کے منہ آج تک کسی نے بند کیے ہیں کیا اور اس وقت تیرے سپوٹ کی اسے سب سے زیادہ ضرورت ہے۔۔۔۔

زبیر صاحب وہاں سے اٹھ کے چلے گے۔۔

زبیر میری بات تو سنتے صحیح سے شاہد نے پیچھے سے آوازیں دی مگر وو چلا گیا۔۔۔

☣☣☣☣

اسنے اپنی آنکھیں کھولی روم میں اندھیرا تھا اسے کچھ بھی نظر نہیں آرہا تھا اس کو بہت سمیل آرہی تھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وو اٹھنے لگی تو اسے احساس ہوا کے وو بند ہی ہوئی ہے۔۔۔۔

کوئی ہے یہاں ہیلو کوئی ہے کیا اگر ہے تو مہربانی کر کے بتی جلاؤ مجھے اندھیرے میں بھوت نظر آتے ہیں وو چلا چلا کے بول رہی تھی۔۔۔۔

باہر دو بوئے بیٹھے تھے لگتا ہے اسے ہوش آ گیا چل دیکھتے ہیں چل کے وو دونوں روم میں داخل ہوے۔۔۔۔

زروش آواز آئی دروازہ کھلنے کی یہ لائٹ آن کر دے زروش نے کہا۔۔۔۔

اس بوئے نے آن کی پورے روم میں روشنی ہو گئی۔۔۔۔

مجھے ایک گلاس پانی دو گے بہت پیاس لگی ہے۔۔۔۔

وو دونوں اسے گھور رہے تھے۔۔۔۔

پانی۔مانگا ہے سنائی نہیں دیا کیا؟؟؟

جا جا کے پانی لے آا سنے دوسرے کو حکم دیا تو وو کچھ ہی دیر میں پانی لے آیا۔۔۔۔

یہ لو اسنے زروش کے آگے پانی کیا۔۔۔۔

آنکھوں کا علاج کرواؤ نظر نہیں آتا میرے ہاتھ بندھے ہیں میں کیسے لوں گی زروش نے چڑ کے کہا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اے لڑکی زیادہ منہ مت کھول نہیں تو۔۔۔

نہیں تو کیا اب خد ہی بتاؤ جب ہاتھ بند ہے ہو تو کوئی پانی کیسے پی سکتا ہے اپ لوگ میرے ہاتھ کھولو بعد میں باندھ دینا۔۔۔

نواز نے احد کے ہاتھ سے پانی کا گلاس لیا اور خد اس کی طرف آیا اور اس کو پلانے لگا زروش نے منہ پھر لیا۔۔۔۔

میں تمہارے ہاتھوں سے نہیں پیو گی میرے ہاتھ کھولو۔۔۔۔

اس نے گن نکالی اگر پینا ہے تو چپ چاپ پی لو نہیں تو تمہارا بھیجا اڑا دونگا۔۔۔۔۔۔زروش چپ چاپ پی گئی کیوں کی اسے سچ میں پیاس لگی تھی

۔۔۔۔

حسن کو کال کر کے بتا کے لڑکی ہمارے قبضے میں ہے۔۔۔

ویسے مجھے یہاں کیوں لائے ہو اور یہ حسن کون ہے۔۔۔

حسن شاہ۔۔۔۔

اب 2 شاہ کو تو میں جانتی ہوں یہ تیسرا شاہ کہاں سے پیدا ہو گیا وہ سوچنے لگی۔۔۔۔

یہ حیدر شاہ کا چچا ہے۔۔۔۔

تو سر کے چاچا کو مجھسے ملنے کا اتنا ہی شوق تھا تو بلا لیتے میں خد مل کے آ جاتی یہ کونسہ طریقہ ہے ملنے کا۔۔۔۔۔

اوہ پاگل لڑکی تجھے یہاں ملنے کے لئے نہیں مارنے کے لئے لائے ہیں۔۔۔۔

اچھا وہ بعد میں مارنا مگر اس روم میں بہت گندی بدبو آ رہی ہے پلیز اس روم کی صفائی کروا دو۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو پاگل ہے کیا تجھے ڈر نہیں لگتا۔۔۔۔

ڈرو وو بھی تم جیسے بھینس کی شکل جیسے سے اسنے منہ بنا کے کہا۔۔۔۔

تیری تو۔میں نوازا اسکی طرف بڑھا تبھی احد نے اس روکا نہیں نوازا سے کچھ بھی ہوا نہ تو حسن ہمیں نہیں چھوڑے گا جب تک اس کی کال نہیں آجاتی تب تک ہم اسے مار نہیں سکتے۔۔۔

زروش ہاں سنے لگی تم لوگ کیا مارو گے میری موت تو اللہ کے ہاتھوں لکھی ہے نہ کے تم جیسے بدبودار اور گھٹیا لوگوں کے ہاتھوں۔۔۔۔

اسے بول چپ رہے میرا دماغ خراب کر رہی ہے اسنے بول کے کچھ گولیاں چلائی اسے لگا کے زروش تھوڑا ڈر جائے گی۔۔۔۔

آپ کو پتا ہے یہ گولیاں کتنی۔مہنگی ہو گئی ہیں خامکھا ویسٹ کر رہے ہو اچھا تھا ایک خد کو لگاتے اور ایک اپنے اس مچھر دوست کو کم سے کم ویسٹ تو نہ ہوتی۔۔۔۔

احد نے اس کے منہ پر ٹیپ باندھ دی اور دونوں وہاں سے چلے گے۔۔۔۔

کہاں پھس گئی میں۔اور یہ حسن شاہ حیدر کا چاچا ہے آخر مسلہ کیا ہے اس کا چاچا ہے تو مجھے کیوں مروا رہا ہے میں نے کیا کیا ہے اس کو اللہ جی مجھے بچہ لو مجھے گھر جانا ہے۔۔۔۔

☣☣☣

حیدر اور حسن میٹنگ روم میں بیٹھے ہوے تھے جب حسن شاہ کو کال آئی۔۔۔

کال رکھنے کے بعد وو حیدر سے مخاطب ہوا تمہاری سیکریٹری میرے قبضے میں ہے اگر تم اسکی سلامتی چاھتے ہو تو چپ چاپ یہاں سے چلے جاؤ حسن نے اسے کہا

۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حیدر نے کوئی ریاکٹ نہیں کیا۔۔۔

اچھا لگتا ہے تمھیں اسکی فکر نہیں ہے وو بول کے فون ملانے لگا اس لڑکی کو جان سے مار دو۔۔۔۔۔

وو بول رہا تھا جب حیدر بیچ میں بول پڑا اسے پھلے گھر فون کر کے پتا کرو آپ کی بیٹی گھر پے ہے یا نہیں؟؟؟؟؟

حیدر کو۔ پھلے سے ہی زروش پر یقین نہیں تھا اس لئے اسنے پھلے ہی تیاری کر لی تھی ۔۔۔

رکو اسے کچھ مت کرنہ حسن نے کال پے کہ کر فون۔ بند کر دی۔۔۔

کیا کہا تم نے حسن شاہ نے حیدر سے پوچھا اسے لگا شاید کچھ غلط سن لیا ہو۔۔۔

یہیں کے رامین بھی میرے قبضے میں ہے حیدر نے اسے دیکھتے کہا۔۔۔۔

کیا حسن کو جیسے یقین نہ آیا۔۔۔

آپ کو کیا لگا آپ کو میں جانتا نہیں کے کتنے گھٹیا آدمی ہو۔۔۔

تجھے شرم نہیں آئی وو بہن ہے تمہاری اور اسے کڈنیپ کرا دیا تم نے حسن نے غصے میں کہا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

آپ کو شرم آئی اپنی بیٹی کی عمر کی لڑکی کو کڈنیپ کراتے وقت۔۔۔۔

مجھے میری بیٹی چاہیے۔۔۔

مجھے زروش چاہیئے۔۔۔۔

وو تمھیں تب ہی ملے گی جب تم یہ میٹنگ اٹینڈ نہیں کرو گے۔

تو آپ کی بیٹی تب تک صحیح سلامت رہے گی کیا؟؟؟ وو تو میری جسٹ سیکریٹری ہے میرا کوئی تعلق نہیں اگر وو مر گئی تو میں دوسری ارینج کر لونگا مگر رامین تو آپ کی بیٹی ہے نہ اگر اسے کچھ ہو گیا تو۔۔۔۔

حیدر بول کے فون ملانے لگا اس لڑکی کے ساتھ جو کرنہ ہے کر لو۔۔۔۔

حیدر نہیں میں تمھیں وو لڑکی دینے کے لئے تیار ہوں میری بیٹی کو کچھ نہیں ہونا چاہیئے حسن شاہ نے کہا اسے حیدر کی آنکھوں میں وحشت نظر آئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وو بھول چکا تھا کے رامین سے اسکا کوئی رشتہ بھی ہے اسے صرف زروش کی فکر تھی اور دوسرا حسن کو برباد کرنہ۔۔۔۔

گڈاب میٹنگ کے بعد چلتے ہیں حیدر نے کہا۔۔۔۔۔

☣☣☣☣

حیدر روم میں داخل ہوا وو کافی ڈری سہمی اپنا سر گھٹنوں میں چھپا کے بیٹھی سسک رہی تھی۔۔۔

رامین حیدر نے اسے پکارا اسنے آواز سن کے اپر دیکھا حیدر اس کے سامنے کھڑا تھا

۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حیدر پولیس ٹینشن آیا ہوا تھا۔۔

پتا لگا کچھ۔۔

حیدر میں کوشش کر رہا ہوں کیا تمھیں کسی۔پے شک ہے۔۔۔۔۔

مجھے حسن شاہ پے شک تھا مگر یہ اسکا کام نہیں ہے۔۔۔

تو پھر کسی سے دشمنی۔۔۔۔

اگر دشمنی کے لئے کیا گیا ہوتا تو اب تک مجھے کسی نہ کسی کی کال آچکی ہوتی مگر ابھی تک کوئی کال بھی نہیں آئی۔۔۔۔

یہ معملہ کچھ اور ہی ہے۔

مجھے زروش صحیح سلامت چاہیے اسے کچھ نہیں ہونا چاہئے حیدر نے عفان سے کہا جو تھا Asp حیدر کا اچھا دوست اور

حیدر چلو میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔

☣☣☣☣

مولوی صاحب آگے ہیں تم۔اس لڑکی کو لے آؤ رقمان نے ایاز سے کہا۔۔۔۔۔

ایاز روم میں آیا۔۔۔۔۔

☣☣☣☣

حامد یہاں سے وہاں چکر کاٹ رہا تھا اسے بیچینی ہو رہی تھی اسے کچھ غلط ہونے کا احساس ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

اسنے فون اٹھا کے زروش کا نمبر ملایا۔۔۔۔

☣رنگ جا رہی تھی مگر کوئی اٹھا نہیں رہا تھا۔۔۔۔۔

اسے کیا ہوا اب اٹھا کیوں نہیں رہی۔۔۔۔۔

حامد نے گھر کال کی۔۔۔۔۔

علیشہ نے اٹھائی۔۔۔۔۔

زروش گھر پے ہے؟؟

www.novelsclubb.com

نہیں بھائی وو تو آفس میں ہے۔۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے اسنے بول کے فون رکھ دی۔۔۔۔

آج ایسے کیوں لگ رہا ہے کے کچھ غلط ہونے والا ہے وو گاڑی نکال کے باہر روانہ ہوا

۔۔۔۔۔

☣☣☣

حیدر کی آنکھوں میں آنسوں آنے لگے۔۔۔۔

تو رو رہا ہے عفان نے اسے دیکھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں آنکھ میں کچھ کچرا چلا گیا ہے۔۔۔۔۔

حیدر پریشان مت ہو پتا چل گیا ہے نہ اسنے حیدر کو تسلی دیتے کہا۔۔۔۔

☣☣☣☣

تم اب تک تیار کیوں نہیں ہوئی ایاز نے زروش سے کہا جو زمین پے بیٹھے بیڈ سے سر ٹکائے کسی موجزے کے انتظار میں تھی اسنے اسکی بات کو نظر انداز کیا۔۔۔۔۔

ایاز اسکی طرف قدم بڑھانے لگا تو زروش جلدی سے اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔۔۔۔

ایاز میرے پاس آنے کی کوشش بھی مت کرنہ ورنہ اچھا نہیں ہوگا تمہارے لئے زروش نے اسے وارن کیا۔۔۔۔۔

جس پے ایاز بے ساختہ ہنسا اچھا اگر آیا تو کیا کر لو گی چلو آ ہی جاتا ہوں میں بھی تو دیکھوں کیا کرتی ہو تم وو بول کے آگے قدم بڑھانے لگا۔۔۔۔۔

زروش پیچھے ہو رہی تھی اور اپنی عزت کی حفاظت کے لئے دعا مانگنے لگی۔۔۔۔۔

ایاز نے اسے کمر سے پکڑ لیا زروش کو بہت برا لگ رہا تھا کسی نہ محرم کا اسے چھونہ

۔۔۔۔

بتاؤ نہ کیا کیا تم نے۔۔۔۔۔

چھوڑو مجھے وو اسے دور کرنے کی کوشش کرنے لگی مگر ایاز کی گرفت مضبوط تھی

۔۔۔۔۔

تبھی اسے باہر سے کچھ آوازیں آنے لگی۔۔۔۔

وو جلدی سے باہر کی طرف گیا اور دروازہ بند کر دیا۔۔۔۔۔

زروش وہی زمین پے بیٹھ گئی کاش میں گئی ہی نہ ہوتی ریسٹورنٹ پلیز میرے اللہّ مجھے بچہ لے مجھے پتا ہے آپ کبھی اس درندے کے ہاتھ مجھے نہیں سونپے گے جلدی سے مجھے بچانے کے لئے حیدر کو بھیج دو۔۔۔۔۔

زروش کو پتا نہیں کیوں اس وقت حیدر ہی زبان پے آیا وو خد بھی سمجھنے سے قاصر تھی۔۔۔۔۔۔

زروش کہاہے بتا حیدر ایاز جیسے ہی باہر آیا حیدر اس پے برس پڑا اور اسے کالر سے پکڑا۔۔۔۔

کون زروش میں کسی زروش کو نہیں جانتا وو صاف مکر گیا۔۔۔۔۔

حیدر نے زروش کا نمبر ملایا اور وو رنگ کرنے لگا۔۔۔۔۔

اور فون کی آواز ایاز کی جیب سے آئی کڈنیپ کے وقت اسنے زروش کا فون چھین کے رکھ لیا خد کے پاس جسے عفان نے ٹریس کیا ایاز کو یہ تھا کے زبیر صاحب معمولی سے آدمی ہے وو کہا پولیس کے پاس جائے گے اور کونسہ اسکی پونچھ زیادہ ہے جسے وو پتا چلا سکے مگر اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کے حیدر خد زروش کے لئے آے گا۔۔۔۔۔

حیدر نے اس کی جیب سے فون نکالا یہ کیا ہے بتا زروش کہا ہے۔۔۔

ایاز نے اسے مارنے کے لئے ہاتھ اٹھایا جسے حیدر نے روک دیا اور ایک زوردار مکہ اس کے منہ پے دے مارا جسے وو پیچھے کو ہوا وو اسے مارنے لگا یہاں تک کے وو زمین پے گر گیا۔۔۔۔

حیدر چھوڑا سے مر جائے گا یہ عفان نے حیدر کو اس کو بے رحم کی طرح پیٹتے دیکھا تو کہا۔۔۔۔۔

اب بتا دو زروش کہا ہے نہیں تو تیرا وہ حشر کروں گا کے تیرے گھر والے بھی تجھے پہچان نے سے انکار کر دیں گے۔۔۔۔۔

زروش کو باہر سے آوازیں آنے لگی یہ حیدر سر کی آواز ہے ہایہ انہیں کی آواز ہے وہ جلدی سے اٹھی اور در کو پیٹنے لگی کوئی ہے زروش چلانے لگی۔۔۔۔۔

آواز سنتے ہی حیدر جلدی سے وہاں آیا اور دروازہ کھولا جہاز روش نے اسے دیکھ کے سکھ کا سانس لیا اور خدا کا شکر کیا

اور مسکرا کے حیدر کو دیکھا۔۔۔۔۔

حیدر کی جان میں جان آئی حیدر کے بال بکھرے پڑے تھے چہرے پے فکر اور غصہ تھا زروش تم ٹھیک ہو حیدر نے اسے کہا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ہاں سر میں ٹھیک ہوں حیدر نے ایک نظر اس پاگل لڑکی کو دیکھا جواب بھی مسکرا رہی تھی

وود ونوں عفان کی جانب آے جہار قمان بے ہوش پڑا تھا حیدر کی مار کی وجہ سے اور ایاز کو عفان پکڑے ہوے تھا مگر اس کے چہرے سے خون ٹپک رہا تھا۔۔۔

ایاز مجھے نہ تمہارے لئے بہت برا لگ رہا ہے کتنے سپنے سجاے تھے تم نے آج کے دن سو سیڈ۔۔۔۔۔

حیدر اور عفان اسکی بات پے حیرانی سے اسے دیکھنے لگے عفان نے آج تک کسی کیس میں ایسی لڑکی نہیں دیکھی تھی جس کے چہرے پے ذرا بھی خوف نہ تھا بلکے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے الٹا سیدھا بولنے لگی۔۔۔۔

ویسے سپنے دیکھنا اچھی بات ہے مگر تب جب۔

آپ جانتی ہے اسے عفان نے اسکی بات بیچ میں کاٹ کے بولا۔۔۔

ہاں جانتی ہوں۔۔۔۔۔

کیسے حیدر نے پوچھا۔۔۔

بدقسمتی سے یہ میرا منگیتر رہ چکا ہے اسنے منہ بنا کے کہا۔۔۔۔۔۔۔

عفان اس کو چھوڑنا مت تم کیا کروگے میں نہیں جانتا یہ پوری عمر جیل سے باہر نہ نکل پائے اسے پوری لائف جیل میں سڑنہ پڑے حیدر نے کہا

نہیں سر اسکو پولیس کے حوالے مت کرو اسنے کہا۔۔۔۔۔

حیدر اسکی طرف دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

سر اسکی ماں کو بہت تکلیف ہو گئی انکی اسکے علاوہ کوئی اولاد نہیں اگر اسے کچھ ہوا تو انکے لئے جینا مشکل ہو جائے گا ہم کسی ماں کی بددعا نہیں لے سکتے اولاد چاہے جیسی بھی ہو آخر میں ماں باپ کا سہارا بنتی ہے تو میں چاہتی ہوں انکو کچھ نہ کیا جائے۔۔۔۔۔

مگر اس نے تمہارے ساتھ جو کیا۔۔۔۔۔

سر اسکا حساب خدا خدا سے لیگا کیوں کی کسی کے ساتھ برا کرنے والوں کے ساتھ کبھی اللہ اچھا نہیں کرتا میرے اللہ نے جیسے آج مجھے بچہ لیا آپ کو بھیج کر ویسے ہی وو ہمیشہ میری حفاظت کرے گے مجھے ان جیسوں سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔۔۔۔۔

ایاز کو برا لگا کے جس لڑکی کے ساتھ اسنے اتنا برا سلوک کیا اگر کوئی اور ہوتی تو اسے جیل بھیج دیتی مگر وو اسکی ماکا سوچ رہی ہے اسے شرمندگی ہوئی۔۔۔۔

عفان نے اسے وارننگ دے کے چھوڑ دیا اسکی ماں کے خاطر اور کہا کے اگر اس لڑکی کو کچھ ہوا تو وو اس پے رحم نہیں کرے گا دوبارہ اگر وو کراچی میں نظر آیا تو اس کا انکاونٹر کر دیگا۔۔۔۔۔

حیدر زروش کو دیکھنے لگا کے کتنی معصومیت ہے اس میں کتنا صاف دل ہے اسکا

۔۔۔۔۔

ایاز نے زروش سے معافی مانگی۔۔۔۔

☣☣☣☣

یہ زروش ابھی تک آئی کیوں نہیں زاہدہ بیگم لاؤنج میں بیٹھے پریشان ہو رہی تھی

۔۔۔۔۔

ہیں نے تو اس لڑکی کو اتنا بولا ہے جلدی آجائے مگر کہا سنتی ہے میری دادو نے کہا

۔۔۔۔

آپی کی کیا غلطی ہے اس میں جب تک حیدر بھائی چھٹی نہیں دیں گے وو کیسے آسکتی ہے علیشہ نے زروش کی حمایت میں بولی۔۔۔۔۔

تم تو چپ ہی رہو دادو نے غصے سے اسے گھورا

تو وو بیچاری چپ ہو گئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور زاہدہ بیگم داد ودونوں باتین کرنے لگے زروش کو لیکے زبیر صاحب اور علیشہ چپ چاپ انکی باتین سنتے رہے آخر کچھ بول کے بھی فائدہ نہیں تھا تو بہتری چپ رہنے میں تھی۔۔۔۔

☣☣☣

سر آپ کو کیسے پتا چلا کے میں یہاں ہوں زروش نے حیدر سے پوچھا جو ڈرائیونگ کر رہا تھا۔۔۔۔

تمہاری فون سے مگر یہ بتاؤ کے یہ تھا کون۔۔۔۔

سر میری اسے منگنی ہوئی تھی داد و نے زبردستی کرائی تھی مگر بعد میں ٹوٹ گئی

۔۔۔۔

۔ٹوٹنے کی وجہ۔۔۔۔۔

اسکا افیر کسی لڑکی کے ساتھ تھا بابا نے ساتھ میں دیکھ لیا تو۔۔۔۔

حیدر خاموش ہو گیا۔۔۔۔۔

سر آپ کوئی سونگ چلاؤ نہ ویسے ہی آج اتنا کچھ ہوا تو سونگ سن کے موڈ کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔۔

حیدر نے چلایا۔۔۔۔۔

تیری معصومیت نے ہمیں بنجارا بنا دیا کے من بھٹکے ہے تیری اور بار بار تو نے ایسا" کیا کیا۔۔۔۔

حیدر نے سونگ چینج کرنے کے لئے ہاتھ آگے کیا جب زروش نے روک دیا نہیں سر یہ اچھا ہے چلنے دے۔۔۔۔

پتا نہیں تھا پیار میں اتنا میٹھا درد ہوتا ہے انکو لیکے کبھی کبھی دل بچہ بن کے روتا ہے "

۔۔۔

www.novelsclubb.com

حیدر کو احساس ہوا کے آج کیسے وہ اس کے لئے رو رہا تھا وہ زروش کو دیکھنے لگا جو صرف سونگ میں کھوئی ہوئی تھی۔۔۔۔

تیری پہلی نظر نے ہمیں خد سے جدا کیا ہو من بھٹکے ہے تیری اور بار بار تو نے ایسا" کیا کیا تیری معصومیت نے ہمیں بنجارا بنا دیا۔۔۔۔

کیسے سمبھالیں ناداں دل کو ہو تیرے لئے دھڑک اٹھا نہ مانے میں کیا کروں ہائے کیسے دلا سادوں جھوٹا تیری پیاری سی مہرت کو دل میں بسا لیا۔۔۔۔

تمھیں گھر ڈروپ کر دوں حیدر نے اسے پوچھا۔۔۔۔

نہیں سر ابھی آفس چلیں میرا کچھ سامان وہاں رہ گیا ہے اور شاید کزن بھی آیا ہو لینے تو۔۔۔۔

اوکے۔۔۔۔

وہ کچھ ہی دیر میں آفس پونچھے۔۔ جہاں حامد اسکا ویٹ کر رہا تھا۔۔۔۔

آگے میٹینگ سے حامد نے جلے انداز میں کہا وو بہت وقت سے اسکا ویٹ کر رہا تھا

۔۔۔۔

میٹنگ زروش نے سوال کیا۔۔۔۔

ہاں آگے میٹنگ ختم کر کے حیدر نے پیچھے سے کہا۔۔۔۔حیدر نے ڈرائیور کو سختی سے منع کیا تھا زروش کے کڈنیپ کی کسی کو بھی خبر دینے سے اسنے آفس میں سب سے کہہ دیا تھا کے وواور زروش میٹنگ کے لئے جا رہے ہیں۔۔۔۔۔

یہاں نے تمھیں کال کی میرا فون کیوں نہیں اٹھایا تم نے حامد نے سختی سے کہا۔۔۔

حیدر کو اسکا زروش کے ساتھ ایسے بات کرنہ اچھا نہ لگا۔۔۔۔

میرا فون وو حیدر کو دیکھنے لگی۔۔۔۔

حیدر نے جیب سے فون نکال کے دیا۔۔۔

اگر کام ختم ہو گیا ہو تو میں اسے گھر لے جا سکتا ہوں حامد نے حیدر سے کہا۔۔۔۔

حامد کو بلکل بھی اچھا نہ لگا زروش کا حیدر کے ساتھ اکیلے اور فون حیدر کے پاس دیکھ کے تو اسکا غصہ سات وے آسمان پے جا پونچھا۔۔۔۔۔

ہاں حیدر بول کے کیبن چلا گیا۔۔۔۔

☣☣☣☣

دیکھ رہی تھی کیوں کی اسے نیند نہیں آ رہی تھی تو وو tv زروش روم میں بیٹھ کے مووی دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

حیدر اپنی فون ہاتھ میں لئے 3 بار زروش کا نمبر اوپن کرتا اور ہٹا دیتا سوچتا کال کرے پھر کیا بولے گا یہ سوچ کے فون رکھ دیتا۔۔۔۔

چلو کر ہی لیتا ہوں اسنے فون اٹھا کے زروش کا نمبر ملایا۔۔۔۔۔

اب اس وقت میری یاد کس کو آ گئی زروش نے فون اٹھائی سر کی کال اس وقت وو سوچنے لگی اسنے فون اٹھائی۔۔۔۔

زروش نے سلام کیا

حیدر کے جواب کے بعد زروش پوچھنے لگی۔۔۔۔

سر اس وقت کال کی خریت۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔وویں نے۔۔۔۔۔تمہارے دادو کی طبیعت پوچھنے کے لئے کال کی

۔۔۔۔

سر دادو تو ٹھیک ہے مگر آپ کو اچانک اس وقت انکی یاد کیسے آگئی۔۔۔۔

بس آگئی۔۔۔۔اچھا تم کیا کر رہی تھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

یہ سر کو کیا ہوا ہے آج اسنے دل میں سوچا

کچھ نہیں بس امی اور دادو کی ڈانٹ سن نے کے بعد آرام سے موووی دیکھ رہی ہوں

۔۔۔۔

ڈانٹ کیوں۔۔۔۔۔

اتنی دیر گھر آنے کے لئے عزت تو ملے گئی نہ۔۔۔

اسکی بات پے حیدر ہسنے لگا ویسے تمہاری موم اور داد و کچھ زیادہ ہی تم کو ڈانٹتے ہیں اور یہ کوئی وجہ تو بنتی نہیں۔۔۔۔۔

نہیں سر انکی ڈانٹ میں بھی فکر ہے اور میرے لئے انکا پیار چھپا ہوتا ہے اور ماں ہے نہ بچو کو تھوڑی بھی تکلیف ہوتی ہے نہ تو ماں برداشت نہیں کر پاتی بس زیادہ فکر کرتی ہے میری کیوں کی پورے گاؤں میں سے صرف میں ہی الگ ہوں نہ سب سے اسنے الگ پے زور دیا۔۔۔

اچھا مووی کونسی دیکھ رہی ہو۔۔۔

دلہن ہم لے جائیں گے۔۔۔۔

وو تو ہم لے ہی جایں گے حیدر نے بن سوچے بول دیا اسے بعد میں احساس ہوا کے وو کیا بول گیا

مطلب۔۔۔۔۔

کیا بکواس کر رہا ہے حیدر تیرا دماغ آج ٹھکانے پے نہیں ہے وہ خد کو کوسنے لگا

ک۔۔۔کچھ نہیں میں سو رہا ہوں گڈ نائٹ اسنے بول کے جلدی سے فون کاٹ دی

۔۔۔۔

یہ سر کو آج کیا ہوا ہے وہ سوچنے لگی۔۔۔۔

☣☣☣

After few days

آپی آپ کو کہیں جانا ہے زروش تیار ہو رہی تھی جب علیشہ نے اسے پوچھا۔۔۔۔

ہاں میری فرینڈ کی بہن کی شادی ہے رات مہندی ہے تو میں ڈریس لینے مارکیٹ جا

رہی ہوں۔۔۔۔

آپی مجھے بھی ساتھ لے جائیں گئی شادی میں کیوں کی میں جب سے یہا آئی ہوں صرف گھر میں ہی ہوں آپ لے چلو گئی ساتھ۔۔۔۔

ہاں کیوں نہیں چلو۔۔۔۔

وو دونوں لاؤنج سے گزری۔۔۔۔

دونوں بہنے ایسا ہو لیا بنا کے کہا جا رہی ہو دادو نے دونوں کو کہا۔۔۔۔

اپنے لئے دادی ڈھونڈنے زروش نے جواب میں کہا علیشہ نے اسکی بات پے ہاتھ منہ پے رکھ دیا۔۔۔۔

تم میں تو ذرا بھی بات کرنے کی تمیز نہیں ہے کوی شرم ہوتی ہے کوئی حیا ہوتی ہے مگر تم۔۔۔۔

وو بول رہا تھا جب زروش بیچ میں بول پڑی آج تو میں پکا ان 3 نو کو گھر لے آو نگی

۔۔۔۔

کسے داد و نے نہ سمجھی سے اسے دیکھا۔۔۔

حیا شرم اور تمیز کو میں بھی تو دیکھوں آخر یہ 3 نو ہے کون جن کے پیچھے میر ادا دوانتا دیوانہ ہے۔۔۔۔

تجھے تو میں ابھی بتاتا ہوں بے شرم لڑکی۔۔۔

زروش بھاگنے لگی اور پیچھے علیشہ بھی۔۔۔

تم دونوں اکیلی جا کہاں رہی ہو داد و نے پیچھے سے آواز لگائی۔۔۔

جب دو لوگ جا رہے ہوں تو وہ اکیلے کیسے ہوئے داد و آپ بھی نہ۔۔۔

www.novelsclubb.com

یہ لڑکی ایک دن میرے ہاتھوں سے زایا ہو جائے گی۔۔۔۔

☣☣☣

رات کو زروش کو لینے ڈرائیور آیا تھا سیرت کے کہنے پر۔۔۔

سیرت نے اسے دیکھ کے گلے سے لگایا اور بہت خوش ہوئی اس کو آتا دیکھ کے مگر علیشہ انکا گھر دیکھنے لگی جو کسی تاج محل سے کم نہ تھا اور آج تو فنکشن تھا جس وجہ سے وو اور بھی زیادہ اچھا لگ رہا تھا۔۔۔

یہ کون ہے سیرت نے علیشہ کی طرف دیکھا۔۔۔

یہ میری چھوٹی سسٹر ہے۔۔۔

وواب اسے ملی۔۔۔

سیرت نے اپنی ماں سے ان دونوں کو ملایا اور سیدھا نایاب کے پاس آگئی جس کی آج مہندی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ان دونوں نے نایاب کو تیار کیا

واہ آپی آپ تو بہت پیاری لگ رہی ہو زروش نے اسکی تعارف کی۔۔۔

☣☣☣

علیشہ زروش کو ڈھونڈ رہی تھی جب حیدر کی نظر اس پے پڑی تو حیدر اس کی جانب آیا۔۔۔۔۔

علیشہ تم یہاں حیدر نے اسے سوال کیا۔۔۔۔

ہاں بھائی مگر آپ یہاں کیسے علیشہ نے الٹا اسے سوال کیا۔۔۔۔۔۔

یہ میرا گھر ہے اور میری بہن کی شادی ہے۔۔۔۔

مگر آپی نے تو نہیں بتایا کے یہ اپکا گھر ہے۔۔۔۔

تمہاری آپی بھی آئی ہے تمہارے ساتھ؟؟؟

www.novelsclubb.com

ہاں بھائی۔۔۔۔

کہاں ہے۔۔۔۔

اسی کو ڈھونڈ رہی ہوں سیرت آپی کے ساتھ تھی مگر دونوں نہیں دکھ رہی۔۔۔۔

وود یکھو وہاں ہے دونوں حیدر کی نظر سیرت اور زروش پر پڑی جہاں وو چیئر پے بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔۔

حیدر زروش کو دیکھتا رہا۔۔۔

گولڈن اور بلو کلر کی فراک ہاتھ میں پہنے گجرے کانوں میں بلو اور وائٹ جھمکے پہنے وو حیدر سیدھا حیدر کے دل میں اتر رہی تھی۔۔۔۔

زروش سیرت سے ہنس ہنس کے بات کر رہی تھی اور حیدر دور سے کھڑا اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

کب سے ڈھونڈ رہی تھی آپ کو آپ کہا تھی علیشہ نے اسے کہا۔۔۔

وو آنٹی نے کہا کے روم سے پھول لے آؤ وو لینے گئے تھے۔۔۔۔

اچھا مجھے پیاس لگی ہے میں پانی پی کے آتی ہوں اب یہاں سے کہیں مت جانا میں آ رہی ہوں علیشہ بول کے چلی گئی۔۔۔

ارے زروش تم یہاں ہاشم نے اسے دیکھ کے حیریت کا اظہار کیا۔۔۔۔

ہاں مگر تم یہا؟؟

تم بھائی کو جانتی ہوں سیرت نے اسے سوال کیا۔۔۔۔

کیا یہ تمہارا بھائی ہے زروش کو شاک لگا۔۔۔۔

جی میڈم ہاشم نے کہا۔۔۔۔۔

مگر تم دونوں ایک دوسرے کو جانتے کیسے ہو۔۔۔۔۔

حیدر دور سے کھڑا انکو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اچھا کو میں آتا ہوں ہاشم بول کے چلا گیا۔۔۔۔۔

موم۔۔۔موم وو شہناز بیگم کے پاس آیا۔۔۔۔

کیا ہوا چلا کیوں رہے ہو۔۔۔۔۔

موم آپ کو وو لڑکی دیکھنی تھی نہ میرا مطلب اپنی ہونے والی بھو سے ملنا تھا نہ تو چلو میرے ساتھ ملواتا ہوں۔۔۔۔

کیسے۔۔۔۔

کیوں کی وو یہاں آئی ہے۔۔۔۔

کیا وو لڑکی یہاں آئی ہے۔۔۔

ہاں موم چلے۔۔۔۔

وو دونوں کچھ فاصلے پے کھڑے تھے وو رہی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کونسی شہناز بیگم یہاں وہاں دیکھنے لگی۔۔۔

موم وو دیکھو سیرت کے ساتھ جو بیٹھی ہے بلو فراک میں۔۔۔۔۔

یہ تو سیرت کی دوست ہے شہناز بیگم نے کہا۔۔۔۔

ہاں اور آپ کی ہونے والی بھو بھی تو کیسی لگی۔۔۔۔۔

ماشاءاللہ بہت پیاری ہے آج میری اسے بات ہوئی تھی جب آئی تھی بہت اچھی لڑکی ہے۔۔۔۔

ہاں ہاں جب گھر میں آئے گی نہ اچھے سے پتا لگ جائے گا آپ کو۔کے کتنی اچھی ہے ہاشم نے جل کے کہا۔۔۔۔۔

ویسے یہ حیدر ہے کہا شہناز بیگم نے پوچھا۔۔۔۔

موم وہاں دیکھے کیسے مجنو بنے اسے ہی تک رہا ہے۔۔۔۔۔

شہناز بیگم۔نے غصے سے اسے دیکھا تو وونود و گیارہ ہو گیا۔۔۔۔۔

اچھا اس کا مطلب تم بھائی حیدر کے ساتھ ہی کام کرتی ہو اسکا مطلب تم جو بھی اپنے سر کی یا نے کے میرے بھائی کی برائیاں کرتی تھی تو۔۔۔۔۔وو کچھ سوچنے کے انداز میں بولی۔۔۔۔۔

تو کیا۔۔۔۔

تو سوچ رہی ہوں وو سب بھائی کو بتا دوں۔۔۔۔۔

نہیں تم ایسا نہیں کرو گی۔۔۔۔۔میں تو فرینڈ کے ناتے بتاتی تھی مجھے کیا پتا اسے کڑوے کریلے۔۔۔۔مطلب کے سر حیدر کی بہن نکل آؤ گی۔۔۔۔۔

ہاہاہاہا بولو بولو پھلے بھی تو بولتی تھی سڑو ہے بتمیز ہے لڑکیوں کی عزت نہیں کرتا ذکوٹا جن ہے کھڑوس ہے اور بھی بہت کچھ کہا تھا نہ۔۔۔۔۔۔

میری ماں غلطی ہو گئی اب چپ کر جاؤ زروش نے اس کے آگے ہاتھ باندھ دئے

۔۔۔۔۔

جس پے سیرت ہنسنے لگی۔۔۔۔۔

بتمیز ہے کھڑوس ہے بہت غصے والا ہے سخت ہے مگر میرا بھائی دل کا بہت اچھا ہے بس کچھ پرابلم کی وجہ سے وو ایسا بن گیا ہے ویسے میرے بھائی جیسا دنیا میں کوئی نہیں ہو گا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وو تو ہے کیوں کی سر نے جتنی میرے ہیلپ کی ہے اتنی شاید ہی کوئی کرے زروش نے بھی دل سے کہا۔۔۔۔۔

بھائی کہا گم ہو ہاشم نے حیدر کے شولڈر پے ہاتھ رکھا جسے حیدر اپنی کھوئی ہوئی دنیا سے واپس لوٹا۔۔۔۔۔۔۔

☣☣☣☣

مہندی کا فنکشن بہت زیادہ اچھا گذرا۔۔۔۔

اچھا آنٹی اب ہمیں جانا چاہئے ہم زروش نے کہا۔۔۔۔

اچھا کل آجانا ٹائم سے شہناز بیگم نے اسے گلے لگتے بائے کہا۔۔۔

وو دونوں جانے لگی۔۔۔۔رکو۔۔۔۔۔

حیدر نے پیچھے سے کہا۔۔۔۔

کیا ہوا بیٹا شہناز بیگم نے اسے پوچھا۔۔۔۔۔

موم ان کو میں گھر چھوڑ کے آتا ہوں کیوں کی ڈرائیور کو یہاں نے چھٹی دے دی تھی

۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔۔۔۔

وود ونوں حیدر کے ساتھ گھر چلی گئی

☣☣☣☣

ایک پردیسی میرا دل لے گیا ہاشم گن گنا رہا تھا جب سیرت نے اسے پوچھا۔۔۔

کون دل لے گیا بھائی۔۔۔۔۔

بس ایک پیاری سی لڑکی۔۔۔۔۔۔

سیرت سوچنے لگی۔۔۔۔۔

کیا ہوا کس سوچ میں پڑ گئی۔۔۔۔

بھائی جہاں تک مجھے پتا ہے یہ آپ کا دل لینے والی 24 گرل ہے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

مگر یہ سب سے الگ تھی وہ سب تو ایسے ہی تھی اسے دیکھ کے ایسا لگا جیسے۔۔۔۔۔۔

بس بھائی میں سمجھ گئی سیرت بول کے جانے لگی کیوں کی اسے پتا تھا اب ہاشم اپنی باتیں بنا کے سنائے گا۔۔۔۔

کیسی بہن ہے بھائی کی بات بھی نہیں سنتی پر کیا لڑکی تھی ہائے اللہ آج پھر سے اسے ملوا دے

☣☣☣☣

اسکی گاڑی بیچ راستے میں

خراب ہو گئی وہ گاڑی سے باہر اتری۔۔۔۔

افففف اب اسے کیا ہو گیا یہاں تو دور دور تک کوئی نظر نہیں آ رہا اب میں گھر کیسے جاؤں اسنے زور سے ٹایر پے لات ماری۔۔۔۔

تبھی کچھ بوائز بائیکس پر وہاں سے گزر رہے تھے۔۔۔۔

ایشل انکو دیکھ کے گھبرا گئی کیوں کی انکے ہاتھ میں شراب کی بوتلس تھی۔۔۔۔

انہوں نے ایشل کو دیکھا تو اپنی بائیکس وہاں کھڑی کر دی اور بائیکس سے اترے

۔۔۔۔۔

کیا ہوا جانم ہم کوئی مدد کر سکتے ہیں۔۔۔۔۔

وو اسکی طرف بڑھنے لگا۔۔۔۔۔

ن۔۔۔۔ نہیں۔۔۔مجھے کوئی ہیلپ نہیں چاہیے۔۔۔۔۔وو بے مشکل سے الفاظ ادا کر پائی۔۔۔۔۔

وو اسکی طرف بڑھنے لگا اور اس کو ہاتھ سے پکڑ لیا اسے کسے ہمارا تو۔کام ہے آپ جیسی خوبصورت لڑکیوں کی مدد کرنہ۔۔۔۔

ایشل نے اس کی اس حرکت پے ایک زوردار تھپڑ مارا اور اسے دھکا دے کر بھاگنے لگی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ووچارو بھی اس کے پیچھے آرھے تھے۔۔۔۔۔

سامنے سے آتی گاڑی سے وو ٹکرا گئی۔۔۔۔

جسے وو بیہوش ہو گئی۔۔۔۔

ووچارو ولید کو دیکھ کے چلے گے۔۔۔۔

ولید گاڑی سے اترا اور اسنے دیکھا یہ کوئی اور نہیں ایشل تھی اسنے اسے اٹھا کے گاڑی میں ڈالا۔۔۔۔۔

اور گاڑی میں بیٹھ کے چلا گیا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

☣☣☣

دادو کیا بات ہے ابھی تو یہاں نے دادی ڈھونڈی بھی نہیں اور آپ مٹھائی کھا رہے ہو زروش ابھی یونی سے لوٹی تو اسنے دادو کے پاس پڑی مٹھائی دیکھی تو انکو۔ تنگ کرنے لگی۔۔۔۔

آؤ بیٹا تم بھی کھاؤ ویسے بھی خاص تمہارے لئے ہے دادو نے لاڈ سے کہا۔۔۔۔

ھاے آج سورج کہان سے نکلا تھا دادو نے آج مجھ پے غصہ نہیں کیا۔۔۔

زیادہ ڈرامہ نہیں کرو دادو نے اسے کہا۔۔۔

زروش نے ایک لڈو لیا اور کھانے لگی ویسے یہ کس خوشی میں۔۔۔

تمہاری اور حامد کی منگنی کے لئے آج ریحانہ آپی آئی تھی تمہارا ہاتھ حامد کے لئے مانگنے ہمنے ہاں کر دی رشتہ پکا ہو گیا ہے بس 2 دن میں منگنی زاہدہ بیگم نے اسے بتایا

۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وو لڈو اس کے حلق میں ہی پھس گیا

اسنے زبیر صاحب کی طرف دیکھا۔۔۔

زروش نے مٹھائی کا پیکٹ اٹھا کے فیکا۔۔۔

یہ کیا حرکت ہے دادو غصے سے دھارے۔۔۔

بس داد و بہت ہو گیا میں کوئی کھلونا نہیں ہوں جب جس کے ہاتھ میں آے تھا داد و بس بہت ہو گیا مجھے اب کوئی شادی نہیں کرنی ابھی صرف مجھے اپنے خواب پورے کرنے ہیں۔۔۔۔۔

وو تم ریحانہ کے گھر میں رہ کے کرنہ داد و نے کہا۔۔۔۔

نہیں کرنی مجھے کوئی شادی آپ انکار کر دو اور اگر کسی نے میری زبردستی شادی کرانے کی کوشش کی تو اس دن میرا اس گھر سے جنازہ نکلے گا زروش بول کے چلی گئی۔۔۔

دیکھو تو اس لڑکی کو دو لفظ انگریزی کے کیا پڑھ لئے۔۔۔۔۔

داد و بول رہے تھے جب زبیر صاحب نے کہا ابو آپ کو رشتہ کرنے سے پھلے اسے پوچھنا ضرور چاہیئے اور اگر میری بیٹی نہیں کرنہ چاہتی تو کوئی اسے نہیں کہے گا زبیر صاحب بھی زروش کے روم کی طرف جانے لگے اور داد و اسے دیکھ رہے تھے

۔۔۔۔۔

☣☣☣

ایشل کی جب آنکھ کھلی تو اسنے روم میں نظر ڈورائی یہ کسکا گھر ہے میں یہاں کیسے

۔۔۔۔۔۔

ولید تمھیں یہاں لے کے آیا ہے تم اس کی گاڑی سے ٹکرا کے بے ہوش ہو گئی تھی مگر ڈاکٹر کا کہنا ہے کے تم گاڑی لگنے سے نہیں بلکے خوف سے بے ہوش ہو گئی تھی ابھی تمھیں ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں تم یہاں محفوظ ہو ریحانہ بیگم نے اسکے چہرے پے خوف دیکھ کے لاسٹ میں یہ کہا اور اسے جوس کا گلاس دیا۔۔۔۔

ولید کون اسنے جوس ہاتھ میں لیتے پوچھا؟؟؟؟

میں ولید ولید نے پیچھے سے آتے اسکی بات سنی تو خد ہی بول پڑا۔۔۔۔

ایشل اسے جلدی ہی پہچان گئی۔۔۔۔

موم آپ کو پاپا بلا رہا ہے ولید کے کہنے پے وو جانے لگی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ولید اسے کچھ فاصلے پے کھڑا ہو گیا ویسے رات کو اتنی دیر سے تم جا کہاں رہی تھی

۔۔۔۔۔

وو تم سے مطلب نہیں ہونا چاہئے اسنے جلے انداز میں کہا۔۔۔۔۔

مجھے مطلب ہونا چاہئے یا نہیں یہ ڈیسائیڈ کرنے والی تم کون ہوتی ہو اور اگر رات میں وقت پے نہیں پونچھتا تو وو لوگ تمہارا کیا حشر کرتے وو تم بھی اچھے سے جانتی ہو ولید نے فکر اور غصے میں کہا۔۔۔۔۔

ولید نے ان لوگوں کو جاتا دیکھ لیا تھا جس وجہ سے وو سمجھ گیا تھا۔۔۔۔

اسنے ولید کی بات پے کوئی جواب نہ دیا کیوں کے اس کے پاس ولید کی بات کا کوئی جواب نہیں تھا سچ ہی تو کہہ رہا تھا۔۔۔۔

دیکھو آپ کا نام تو میں نہیں جانتا مگر رات کو مہربانی کر کے اکیلے مت نکلا کرے کیوں کی رات کو ایسے لوفر گھومتے ہیں اللہ نہ کرے اگر کبھی کچھ ہو جائے ولید نے اب نرمی سے اسے سمجھایا۔۔۔۔

ایشل نام ہے میرا میری فرینڈ کی برتھڈے پارٹی تھی وہاں سے لیٹ ہو گئی اور بیچ راستے میں ہی گاڑی خراب ہو گئی تو وو لوگ میرے پیچھے پڑ گے اور آپنے مجھے بچہ لیا تھنک یو سو مچ اگر آج آپ نہ ہوتے تو پتا نہیں۔۔۔۔۔۔

آج تک ایشل کو جب بھی کہیں جانا ہوتا تو وو خد ہی جاتی تھی اس کو روکنے والا کوئی نہ تھا آج تک اس کے ساتھ کبھی ایسا نہ ہوا تھا رات جو ہوا وو خد بھی اس بات سے خوف زدا ہو گئی تھی اور ولید کی بات بھی اسے صحیح لگی۔۔۔۔۔

☣☣☣

زروش کی فون مسلسل بج رہی تھی مگر وو اٹھا نہیں رہی تھی۔۔۔۔۔

آخر بیزار ہو کے اسنے فون اٹھا ہی لی۔۔۔۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تمہاری ہمت کیسے ہوئی میرا پرپوزل کو ریجیکٹ کرنے کی کال اٹھاتے ہی حامد اس پے برس پڑا۔۔۔۔۔

کیوں کی مجھے تم سے شادی نہیں کرنی۔۔۔۔

کیوں نہیں کرنی میں تمھیں لاسٹ بار بول رہا ہوں شادی کے لئے مان جاؤ نہیں تو زبردستی نکاح ڈلواونگا۔۔۔۔۔

زروش نے اس کے الفاظ سن کے فون کاٹ دی۔۔۔۔۔

☣☣☣☣

زروش رات کو شادی پے آئی ہوئی تھی۔۔۔۔

زروش حیدر نے اسے بلایا جو کچھ ڈھونڈ رہی تھی۔۔۔۔

جی سر۔۔۔۔۔

کیا ڈھونڈ رہی ہو؟؟؟

میرا جھمکا گم ہو گیا ہے کب سے ڈھونڈ رہی ہوں مل ہی نہیں رہا۔۔۔۔۔

اچھا میں ہیلپ کرتا ہوں حیدر بھی اس کے ساتھ ڈھونڈنے لگا۔۔۔۔

ڈھونڈتے ڈھونڈتے حیدر کا سر زروش سے ٹکرایا

آآآ۔۔۔وہ درد سے بولی

سر آپ رہنے دے آپ میرا سر ہی پھوڑ دو گے ایسی ہیلپ نہیں چاہیے اسنے سر پے ہاتھ رکھ کے کہا۔۔۔

غلطی سے لگ گئی ایک کام کرو تم وہاں دیکھو میں یہاں دیکھتا ہوں۔۔۔

www.novelsclubb.com

منٹ گزر گے مگر نہیں۔ملا۔۔۔ 20

ایک کام کرو اسے رہنے دو۔۔۔۔

نہیں سر مجھے ڈھونڈنا ہے وہ پریشان ہونے لگی۔۔۔۔

اچھا ڈھونڈتے ہیں پریشان مت ہو۔۔۔

مل گیا زروش کو اپنے ہی دوپٹے میں لٹکے ملا۔۔۔۔۔

یہ تھا؟؟؟؟

ہاں سر۔۔۔۔

تم اتنے ٹائم سے اس نکلی جھمکے کے لئے پریشان ہو رہی تھی۔۔۔۔حیدر کو لگا شاید گولڈ ہے جس پے وو پریشان ہو رہی ہے۔۔۔۔۔

ہانہ اگر نہ ملتا تو میں ڈریس پے میچنگ کیسے پہنتی۔۔۔۔۔

تمھیں پتا ہے تم پاگل ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

سر آپ کو آج تک شک تھا۔۔۔۔

زروش کی بات پے حیدر اسے گھورنے لگا۔۔۔

زروش کر کیا رہی ہو چلو بارات آنے والی ہے وو اسے بول کے لے گئی۔۔۔۔۔

☣☣☣

زروش روم میں آکر اپنی جویلری اتارنے لگی جب پیچھے سے علیشہ آئی۔۔۔۔

آپی آگئی واپس۔۔۔۔

ہاں مگر تم آج چلی کیوں نہیں؟؟؟

بس آج دل نہیں کیا علیشہ نے کہا۔۔۔

اچھا تم بیٹھو میں ڈریس چینج کر کے آتی ہوں زروش اسے بول کے واشروم میں چلی گئی

☣☣☣

آج سنڈے تھا اس لئے زروش لیٹ تک سوتی رہی

جب اسکی آنکھ کھلی تو دوپہر کا 12 بج رہے تھے وو جلدی جلدی تیار ہو کے نیچے آئی

۔۔۔۔۔

بابا زبیر صاحب باہر جانے کو تھے جب زروش نے انہیں آواز ڈی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

زبیر صاحب اس کے پاس آے جی بیٹا۔۔۔۔

بابا آپ کہا جا رہے ہو۔۔۔۔۔

زبیر صاحب اسکی بات پے خاموش ہو گے۔۔۔۔

بابا بولے نہ کہا جا رہے ہو آپ۔۔۔۔۔

میں بتاتی ہوں بابا روز کام ڈھونڈنے جاتے ہیں علیشہ نے کہا۔۔۔۔۔

یہ کیا سن رہی ہوں بابا میں یہ نے آپ سے کہا ہے نہ آپ کو کام کرنے کی کوئی ضرورت نہی ہے پھر کیوں میری بات نہیں سنتے زروش نے ناراض ہوتے کہا

www.novelsclubb.com

۔۔۔۔۔

بابا کہتے ہیں کے آپ کماو اور بابا گھر پے آرام سے بیٹھے رہے یہ انہیں اچھا نہیں لگتا۔

۔۔۔۔

زروش بیٹا مجھے عادت ہے میں گاؤں میں بھی تو کرتا تھا اب اگر گھر پے چپ چاپ بیٹھ تا ہوں کوئی کام نہیں تو بلکل اچھا نہیں لگتا۔۔۔۔۔

اچھا آپ کو کام کرنہ ہے نہ زروش نے کہا۔۔۔۔

اچھا بابا آپ رکو میں آتی ہوں وو بول کے اپنے روم کی طرف بھاگی اور پرس لے کے آگئی چلو بابا میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔

زروش زبیر صاحب کو ساتھ لے گئی اور ایک شاپ پے آئی۔۔۔۔

اسلام و علیکم انکل زروش نے شاپ کے مالک کو سلام کیا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

و علیکم السلام بیٹا کیسی ہو۔۔۔۔۔۔

میں ٹھیک ہوں انکل۔۔۔۔۔

بابا یہ میری فرینڈ کے بابا ہے ان کی بیٹی میرے ساتھ پڑھتی ہے اور انکل یہ میرے بابا ہے۔۔۔۔۔

وودونوں ایک دوسرے سے ملے۔۔۔۔۔

انکل آپ کو یہ شاپ بیچنی تھی نہ۔۔۔۔۔

ہاں بیٹا۔۔۔۔۔

تو آپ یہ شاپ مجھے بیچ دو۔۔۔۔

زبیر صاحب زروش کو دیکھنے لگے۔۔۔۔۔

زروش نے ان کو پیسے دئے اور باکی کے پیسے 2 تاریخ کو دینے کا کہا۔۔۔۔۔

زروش نے ایک کام کے لئے بوئے کو بھی رکھا جسے اس کے بابا کو زیادہ کام نہ کرنہ پڑے

www.novelsclubb.com

تو بابا اب آپ یہ شاپ چلانا کچھ اور بھی سامان رکھنا ہو تو بتا دیجیے گا۔۔۔۔۔

زبیر صاحب نے مسکرا کے اسے دیکھا کے انکی بیٹی کتنا کچھ کر رہی ہے ان کے لئے

۔۔۔۔۔

☣☣☣

زروش آفس میں بیٹھی ہوئی کام کر رہی تھی ٹائم زیادہ ہو گیا تھا اسے وقت کا پتا ہی نہ چلا۔۔۔۔۔۔

سٹاف وہاں آیا۔۔۔

آپ اب تک گئی کیوں نہیں سارے سٹاف گھر چلے گے ابھی تک کر کیا رہی ہو وو غصے سے بول رہا تھا۔۔۔۔۔۔

کام تھا مجھے اور پتا نہیں چلا مگر اتنا چلانے کی کیا ضرورت ہے آپ کو۔۔۔۔۔

ابھی اسی وقت آپ جاؤ یہاں سے سٹاف نے کہا۔۔۔۔

کتنا بتمیز ہے یہ وو منہ بنا کے جانے لگی۔۔۔۔

اسنے شکر کا سانس لیا اچھا ہوا چلی گئی اور حیدر سر سے سامنہ نہیں ہوا اسکا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

زروش نے ولید کو کال کی مگر وو نہیں اٹھا رہا تھا اب یہ کہا مر اپڑا ہے زروش نے فون پرس میں رکھا اور رکشا دیکھنے لگی مگر اس وقت دور دور تک اسے کوئی گاڑی نہ دکھی حیدر سر ہاں وو بھی تو یہاں ہے میں انسے کہتی ہوں وو مجھے گھر ڈراپ کر دیگے وو بول کے واپس آنے لگی اور حیدر کی کیبن کا ڈور کھولا تو وو شاک ہو گئی حیدر شراب پی رہا تھا 2 بوتل پی چکا تھا اور بھی پینے کے لئے اٹھائی زروش کو آج پتا چلا کے حیدر شراب بھی پیتا ہے سر زروش نے کہا۔۔۔۔۔

حیدر نے نظر اٹھا کے اسے دیکھا وو اٹھنے لگا۔۔۔۔۔

سر آپ شراب بھی پیتے ہو زروش اسے دیکھ کے کہا جو لڑکھڑاتا ہوا اس کے پاس آرہا تھا اسنے آکر زروش کو ہاتھ سے پکڑا۔۔۔۔

سر کیا کر رہے ہو آپ زروش اب بھی نہ سمجھی سے اسے سوال کر رہی تھی۔۔۔۔۔

شششش حیدر نے اسے چپ رہنے کا کہا زروش کو اس کے منہ سے بدبو آرہی تھی

حیدر نے زروش کا دوپٹہ اتارا اور اسے دور فیکا۔۔۔۔

زروش اپنا دوپٹہ اٹھانے کے لئے بڑھی جب حیدر نے اسے کھینچا جسے وو سیدھا جا کر اس کے سینے سے لگی اور حیدر اس کے بالوں میں سے کیچر نکالنے لگا۔۔۔۔

زروش اسے خد سے دور کرنے کی کوشش کر رہی تھی مگر وو ناکام رہی حیدر نے اسے کس کیا زروش کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی حیدر کی اس حرکت پر۔۔۔۔

حیدر کی گرفت کچھ ڈھیلی پڑی تو زروش نے اسے دھکا دیا اور ایک زوردار تھپڑ اس کو دے مارا۔۔۔۔

اور جلدی سے اپنا دوپٹہ اٹھایا۔۔۔۔

حیدر اسے تھپڑ سے اپنے ہوش میں آیا

۔

تم جیسی دو ٹکے کی لڑکی نے مجھ پر ہاتھ

www.novelsclubb.com

اٹھایا وو غصے سے دھاڑا۔۔

اگر تم جیسے امیر لوگ اپنی اوقات بھول جائیں تو انہیں یاد دلانا ہمارا فرض ہے سر وو بھی اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے بولی۔۔۔

تمھیں بہت غرور ہے نہ اک دن تمہارا یہ غرور مٹی میں نہ ملا دیا تو میرا نام حیدر نہیں اور اس تھپڑ کے انجام کے لئے بھی تیار رہنا اسنے گال پے ہاتھ رکھ کے کہا۔۔۔۔

جو کر نہ ہو کر لو میں آپ کی دھمکیوں سے ڈرنے والی نہیں ہوں زروش بول کے چلی گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

****

زروش مشکل سے گھر پونہچی۔۔۔۔۔

آکر بیڈ پے لیٹ گئی اس کو حیدر کا یہ روپ بہت ہی گھٹیا لگا تھا وو رونے لگی۔۔۔۔۔

۔

سر میرے ساتھ ایسا کیسے کر سکتے ہیں میں کتنا اچھا انسان سمجھتی تھی اور وو میرے بارے میں ایسا سوچتے تھے چھی اور رونے لگی میں آج کے لئے کبھی معاف نہیں کرو نگی انہیں۔۔۔۔۔

☣☣☣

حیدر کا بھی جب نشہ اترا تو اسے کہیں نہ کہیں لگ رہا تھا وو غلط تھا مگر اپنی غلطی مان جائے ایسا تو ہو ہی نہیں سکتا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسے ضرورت کیا تھی اس وقت وہا آنے کی اسے سمجھ نہیں آیا کے اگلا بندہ نشے میں ہے تو چلے جانا چاہیئے مگر نہیں اس نے مجھے تھپڑ مارا حیدر شاہ کو آج تک کسی میں اتنی ہمت نہیں کے کوئی انگلی اٹھائے میری طرف اور اسنے مجھ پے ہاتھ اٹھایا تمھیں غرور آخر ہے کس بات کا سمجھتی کیا کو خد کو ہمیشہ ریسپیکٹ دی اسے سمجھ نہیں آئی

اب دیکھنا زروش یہ تھپڑ تمھیں بہت مہنگا پڑے گا تمہاری پوری زندگی برباد کر دیگا بہت زیادہ اکڑتی ہو۔نہ۔۔۔۔۔

حیدر آج پھر پھلے جیسا حیدر بن گیا۔۔۔۔

☣☣☣

صبح کو زروش اٹھی اور فجر کی نماز پڑھنے لگی نماز میں وو بہت دیر روتی رہی کے اس کے ساتھ ایسا کیوں ہوا وو تو ہمیشہ اپنی عزت کی حفاظت کرتی تھی ہمیشہ خد کو ڈھانپ کے رکھا پھر بھی اس پے کسی کی گندی نظر کیسے پڑی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نماز پڑھنے کے بعد وو قرآن پاک کی تلاوت کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کے بعد وو چھت پر چلی گئی وہا بیٹھ کے وو نجانے کتنا وقت روتی رہی آج اسے اپنی بیوقوفیوں پر رونہ آرہا تھا بھابی صحیح کہہ رہی تھی کاش یہ اس نے اس کی بات مان لی ہوتی زیادہ نہ بولا کرتی سر سے صرف کام کی بات کرتی۔۔۔۔

کبھی نہ ہار ماننے والی لڑکی آج ٹوٹ گئی تھی اسے لگ رہا تھا جیسے سب ختم ہو گی۔۔۔۔۔

☣☣☣☣

حیدر شہناز بیگم۔نے اسے کہیں جاتے دیکھا تو آواز دی۔۔۔۔۔

حیدر نے کوئی جواب نہ دیا صرف پلٹ کر انہیں دیکھا۔۔۔۔۔۔

کہا جا رہے ہو اتنی صبح صبح ناشتہ تو کر کے جاؤ۔۔۔۔۔۔۔

موم میں آفس میں کر لونگا۔۔۔۔۔

بھائی ناشتہ کر کے جاتے آپ آفس سیرت نے کہا۔۔۔۔۔۔

تم سے رائے مانگی کسی نے اپنے کام سے کام رکھو زیادہ منہ نہ کھولا کرو۔۔۔۔۔

حیدر کیسے بات کر رہے ہو اپنی بہن سے ہوا کیا ہے تمھیں آج۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

موم پلیز آج میرا دماغ خراب ہے اس وقت مجھسے کوئی بات نہ کرے وو بول کے چلا گیا۔۔۔۔۔۔

بھائی کو کیا ہوا ہاشم نے کہا۔۔۔۔۔۔

پتا نہیں بھائی ایسا کیوں بیہیو کر رہا ہے سیرت نے رونے جیسی شکل بنائی۔۔۔۔۔

بس بس اب رونہ مت۔۔۔۔۔

میرے رونے کی اتنی پرواہ۔۔۔۔۔

نہیں پرواہ تو اپنی ہے۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیسے۔۔۔۔۔۔۔

وو ایسے کے اگر تم رودو گی تو تم چڑیل لگو گئی اور یو نو نہ کے مجھے چڑیل سے کتنا ڈر لگتا ہے۔۔۔۔۔۔

موم دیکھو۔بھائی۔کو۔۔۔۔۔۔۔

ہاں ہاں موم غور سے۔دیکھ کے بتاؤ میں کیسا لگ رہا ہوں اسنے مزے سے کہا۔۔

ماشاءاللہ بہت پیارے۔۔۔۔۔

موم آپ بھی بھائی کے ساتھ مل گئی۔۔۔۔۔

ہانہ کیوں کی۔موم انسانوں کے ساتھ ہے نہ کے چڑیل کے ساتھ۔۔۔۔۔۔

وو منہ کھولے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

منہ بند کرو نہیں تو۔مچھر چلا جائے گا۔۔۔۔۔

فار یور کائینڈ انفارمیشن دن کو مچر نہیں ہوتے۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اب چپ۔کر کے ناشتہ کرو تم دونوں شہناز بیگم نے کہا۔۔۔۔۔۔

وو دونوں چپ ہو گے مگر آج حیدر کا رویا شہناز بیگم کو۔بہت عجیب سا لگا۔۔۔۔

☣☣☣

زاہدہ بیگم ڈائینگ ٹیبل پے ناشتہ لگا رہی تھی سب کچھ ہی دیر میں۔آ گے۔ مگر زروش نہیں۔آئی تھی۔۔۔۔۔

علیشہ زروش کو بلا کے لاؤ زاہدہ بیگم نے اسے کہا تو وو جانے لگی۔۔۔۔۔۔

یہ لڑکی اب تک سو رہی ہے لگتا ہے نماز بھی نہیں پڑھی ہو گی اسنے دادو نے کہا ۔۔۔۔۔۔

نہیں ابو زروش کبھی نماز نہیں چھوڑتی زبیر صاحب نے یقین سے کہا۔۔۔۔۔

علیشہ چلاتی ہوئی۔آئی آپی روم میں نہیں ہے۔۔۔۔۔

دادو اور زبیر صاحب اٹھ گے۔۔۔۔۔۔

نہیں بیٹا روم میں ہو گی۔۔۔۔۔

بابا یں نے اچھے سے دیکھا ہے نہیں ہے۔۔۔۔۔

اچھا لان میں۔دیکھو۔شاید وہاں ہو۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

مجھے پتا تھا یہ لڑکی ہمیں کہیں کا نہیں چھوڑے گی بھاگ گئی نہ۔۔۔۔۔۔

ابو۔اس وقت آپ چپ رہو زروش کے بارے میں کچھ مت کہو۔۔۔۔۔

بابالان میں۔ بھی نہیں ہے علیشہ نے پریشانی سے کہا۔۔۔۔۔

زبیر صاحب اس کے روم میں آے اور اسے کال کی آواز چھت کی طرف سے آرہی تھی جب وو وہاں آے تو زروش کو دیکھا جو گم کہیں کھوئی ہوئی تھی اسے فون بجنے کی بھی آواز سنائی نہ دی۔۔۔۔۔

زروش زبیر صاحب نے اسے پکارا مگر اس نے کوئی جواب نہ دیا تو وو اس کی طرف قدم بڑھانے لگے۔۔۔۔۔۔

زروش اسنے اس کے کندھے پے ہاتھ رکھ کے بلایا۔۔۔۔۔

زروش ہڑ بڑا گئی۔۔۔۔۔

ببب۔با۔۔بابا آپ۔۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اتنی ٹھنڈ میں تم۔ یہاں کیا کر رہی ہو۔۔۔۔۔۔

کچھ نہیں بس ایسے ہی بیٹھی تھی۔۔۔۔۔

زبیر صاحب اس کے ساتھ بیٹھ گے۔۔۔۔۔

زروش کیا ہوا اگر کچھ ہوا ہے تو مجھے بتاؤ زبیر صاحب نے کبھی زروش کو اتنا گم ہوتے نہ پایا تھا آج اس کی حالت دیکھ کے اسے لگا جیسے کچھ ہوا ہو کیوں کی وو تو کوئی بھی بات دل پے نہیں لیتی تھی مگر آج ایسے دیکھ کر انکو تکلیف ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

زروش خاموش رہی۔۔۔۔۔۔

اچھا اگر تم۔ نہیں بتانا چاہتی تو کوئی بات نہیں چاہے زندگی میں کتنی ہی مشکل کیوں نہ آے کبھی ہار مت مانو ہمیشہ اسکا سامنہ کرو اس پریشانی کو دور کرنے کی کوشش کرو۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بابا مجھ میں اتنی ہمت نہیں ہے میں ہار گئی ہوں اب ہمیشہ میں سب کے سامنے خوش رہی ہو دادو اور ما کی باتین ہمیشہ مجھے دکھ دیتی ہیں مگر میں پھر بھی انکے سامنے ایسے دکھاتی ہوں جیسے مجھے فرک۔ نہیں پڑتا ہر وقت فضول باتین کرتی رہتی ہوں پاگل پن مگر میں پاگل نہیں ہوں میں تو اس لئے یہ سب کرتی تھی کیوں کی جتنی گاؤں والوں سے باتین سنی اگر وو سب نہ کرتی تو ذہن ان باتوں پے جاتا میں پھر بھی وو اگنور کر دیتی مگر میرے گھر والے بھی وہی بولنے لگے یہ نے پھر بھی اگنور کیا مگر اب جو ہو رہا ہے وو اب میں اور برداشت نہیں کر سکتی میں تھک گئی ہوں آخر میرے ساتھ ہی اللہ ایسا کیوں کر رہا ہے یہ نے تو کبھی کسی کے ساتھ برا نہیں کیا پھر کیوں میرے ساتھ ہی برا ہوتا ہے کیوں خدا مجھ پے رحم۔ نہیں کھاتا اسکی آنکھوں میں ایک آنسوں تک نہ گرا مگر وو شکوہ کر رہی تھی اسکا دل خون کے آنسوں رو رہا تھا حیدر کا یہ روپ اسے بہت تکلیف دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

زبیر صاحب کو سمجھ تو نہ آیا کے آخر وجہ کیا ہے مگر اسکی بات سے انہوں نے اندازہ لگایا کے مسلہ کچھ بڑا ہے۔۔۔۔۔

زروش کبھی خدا سے نہ امید نہیں ہوتے

کیونکہ وہ انھی کو چنتا ہے جن سے وہ کوئی ی کام لینا چاہتا ہے. جن کو کوئی ی مقام دینا چاہتا ہے۔ جن کو اپنے ہاں خاص کرنا چاہتا ہے. جن کو عزت دینا چاہتا ہے۔ جن کو مضبوط بنانا چاہتا ہے. جن کے حوصلوں کو بلند اور ہمتوں کو جواں رکھنا چاہتا ہے. جنھیں تراش کر جوہرِ خاص بنانا چاہتا ہے۔ جن کو دھوپ میں اسلیے رکھتا ہے کہ وہ کندن بن جائیں۔ جن کو وہ ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ جن کو وہ مثال بنانا چاھتا ہے ہمت کی 'عزم کی 'حوصلے کی 'برداشت کی 'جبرِ نفس کی۔۔۔۔

اور انھیں پر سکون اور خاموش سا سمندر کی مانند گہرا بنانا چاہتا ہے

وہ تمہیں بے حساب "دینے" کے لیے آزما رہا ہے۔وہ تم سے اتنی محبت کرتا ہے کہ تمہیں اسکی مقدار معلوم ہو جائے تو تمہارا جوڑ جوڑ علیحدہ ہو جائے اس احساسِ محبت سے۔۔۔۔۔

بس تم ایک کام کر لو۔۔۔۔میری ایک بات مان لو کہ اس سے راضی ہو جاؤ اس حال میں جب زبان سے شکوے

آنکھ سے آنسو

دل سے ناشکری کے بول

امڈتے چلے آتے ہوں۔پر تم یہی کہتی رہو کہ اللہ جی میں آپ سے راضی۔۔۔۔۔ آپ کی محبت سے راضی۔۔۔۔۔۔آپ کی دی ہوئی آزمائش پر راضی ۔۔۔۔۔۔۔دل سے نکلتی آہوں اور آنکھ سے بہتے آنسوؤں میں راضی ۔۔۔۔۔آپ کی مصلحتوں پر راضی۔۔۔۔

بس جھک جاؤ کیونکہ

جو نہ جھک سکا "

وہ نہ پا سکا

...یہی سلسلہ ہر دور ہے

زبیر صاحب زروش کو۔ سمجھا رہے تھے۔۔۔۔۔

☣☣☣

حیرانگی ہوتی ہے بعض لوگوں کو دیکھ کر جو مایوس ہو جاتے ہیں۔

اور پھر میرا جی چاہتا ہے کہ میں اُن سب لوگوں سے پوچھوں کہ کس سے مایوس ہو

؟اُس سے جو دو جہانوں کا مالک ہے ! جسے تمہاری ہر اذیت اور ہر کرب کی خبر

تُمہارے بتانے سے پہلے ہوتی ہے ! جو پلک جھپکنے سے پہلے حالات بدل دیتا ہے !

جس کو نہ نیند آتی ہے نہ ہی اونگھ ! جو ہر منٹ کے اکلوتے سیکنڈ کے سوویں حصے میں

www.novelsclubb.com

بھی تمہارے ساتھ ہوتا ہے! جو پتھر میں موجود کیڑے کو بھی رزق دیتا ہے! جس کے حکم کے بغیر کائنات کا ایک ذرہ بھی ٹس سے مس نہیں ہو سکتا! جو اگر ہاتھ تھام لے تو چٹکیوں میں سب زخم بھر دیتا ہے! جو اگر کن کہہ دے تو فرش تا عرش کی تمام خوشیاں تمہاری جھولی میں آ گریں! کیوں مایوس ہوتے ہو اُس ﷻ ذات سے؟ اس دنیا میں کچھ بھی ایسا نہیں جو دُعا سے نہ مل سکتا ہو۔ اور وہ جو ایک چیونٹی کی تکلیف سے بھی واقف ہے پھر کیسے ممکن ہے کہ اُسے ﷻ تمہارے کرب کی خبر نہ ہو؟

ہاں اگر وہ حسین ستارہ جس کی تمہیں چاہ ہے وہ تمہیں نہیں مل سکا تو کیا پتا اُس رب ﷻ نے تُمہیں وہ اکلوتا چاند دینا ہو جسے لوگ دور سے محض دیکھا کرتے ہیں اور اگر تُمہارے حصے میں وہ اکلوتا چاند بھی نہ آئے تو کون جانتا ہے پورا آسماں تمہارا مقدر ہو۔"❤

www.novelsclubb.com

حیدر سیرت کو لینے آیا تھا۔۔۔۔۔۔

وو حیدر کو دیکھ کے آکر گاڑی۔۔۔۔۔

زروش آئی تھی؟؟؟؟حیدر نے اسے پوچھا۔۔۔۔۔

نہیں بھائی آج وو نہیں آئی تھی۔۔۔۔۔

اچھا کیوں؟؟؟

یل نے اس کے کزن سے پوچھا تو اسنے کہا کے اسکی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہے اس لئے وو نہیں آئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

حیدر نے آگے کچھ نہ کہا

☣☣☣☣

زروش ہاتھ میں بوک لئے بیٹھی تھی مگر اس کا دھیان بوک میں نہیں کہیں اور تھا

۔۔۔۔۔

حیدر اسے کال کر رہا تھا مگر اسنے اپنا فون سائیلینٹ پے رکھ دیا تھا جسے اسے پتا ہی نہ چلا پتا ہوتا تو تب بھی وو کال نہ اٹھاتی۔۔۔۔۔

کیا کر رہی ہو حامد نے داخل ہوتے ہوے اسے پوچھا۔۔۔

دکھائی نہیں دے رہا پڑھ رہی ہوں زروش نے خد کو سمبھال کے کہا کیوں کی وو کسی کے سامنے ظاہر نہیں کرنہ چاہتی تھی کے وو اداس ہے۔۔۔۔

اچھا پڑھ کے بتاؤ کیا پڑھ رہی تھی۔۔۔۔

زروش پڑھنے کو ہوئی تو اسنے دیکھا کے اسنے بوک ہی الٹا پکڑا ہوا ہے اسنے اپنے سر پے چپٹ لگائی غلطی سے میسٹک ہو گئی۔۔۔۔۔

اچھا ویسے یار میں تو بوک سیدھی پڑھوں تب بھی زیادہ سمجھ نہیں۔ لگتی تم تو جینیئس ہو الٹا بھی پڑھ لیتی ہو حامد نے اسکا مذاق بنایا۔۔۔

ہو گیا اسنے منہ بنا کے کہا۔۔

ویسے تم کیوں نہیں آئی مامی کے ساتھ۔۔۔۔

آج فنزا کو بیٹی کی اولاد ہوئی تھی زاہدہ بیگم دادو کے ساتھ وہاگئی تھی اور زبیر صاحب شاپ پے گھر میں صرف علیشہ اور زروش تھی توریحانہ بیگم نے حامد کو بھیج دیا کے وودونوں گھر میں اکیلے نہ رہے۔۔۔۔۔

بس ایسے ہی۔۔۔۔۔

زروش مجھے بتاؤ کیا ہوا ہے تم آج یونی بھی نہیں آئی اور۔۔۔۔اسکا اشارہ بوک کی طرف تھا اور زروش کے کھوے ہوے دماغ پر۔۔۔۔۔

زروش کچھ بول رہی تھی جب علیشہ آئی آپی بھائی حیدر آیا ہے۔۔۔۔۔

وو یہاں کیوں آیا ہے حامد نے تپ کے کہا۔۔۔۔

بھائی کیوں کی آج آپی نہیں گئی شاید اس لئے مجھے کہا زروش کو بلاؤ۔۔۔۔۔

انسے کہو۔میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔۔۔۔

مگر آپی۔۔۔۔

سنائی نہیں دیا تمھیں۔کے زروش نے کیا کہا حامد نے اسے ڈانٹا۔۔۔

تو وو چپ چاپ چلی گئی۔۔۔

حیدر کا نام۔سن کے زروش کا چہرے کا رنگ ہی اڑ گیا جسے حامد نے محسوس کر لیا

۔۔۔۔۔

زروش کیا ہوا ہے اب بتاؤ مجھے اسنے زروش کے ہاتھ پے اپنا ہاتھ رکھا۔۔۔۔

اور تبھی حیدر روم میں داخل ہوا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

زروش اسے دیکھ کے نظرے جھکا گئی۔۔۔۔

آج زروش کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے اس لئے وو آج کام پے نہیں آسکتی اور بیماری میں۔آپ۔کے وہاں چھٹی تو مل ہی سکتی ہے حامد نے کڑوے پن سے کہا۔۔

ہا مجھے سیرت سے پتا چلا کے زروش کی طبیعت ٹھیک نہیں اس لئے میں صرف طبیعت ہی پوچھنے آیا تھا مگر یہاں دیکھنے کے بعد پتا لگ گیا کے کچھ زیادہ ہی خراب ہے حیدر نے حامد کا ہاتھ زروش کے ہاتھ میں دیکھتے کہا۔

زروش نے جلدی سے اپنا ہاتھ ہٹایا۔۔۔۔۔

تو یہ کیا طریقہ ہے جب لڑکی کے گھر والے گھر پے نہ ہو اور سیدھا آ کر اس کے روم میں گھس جاؤ جب کے روکا بھی جائے۔۔۔۔۔۔

مجھے اپنی سیکریٹری سے ملنے کے لئے کسی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں اور مجھے طریقہ سکھانے سے پہلے خد بھی سیکھ لو کے تم بھی ایک لڑکی کے ساتھ اس کی فیملی کی غیر موجودگی میں۔۔۔۔۔۔ حیدر اپنی۔ بات آدھی چھوڑ کے جانے لگا

گیٹ ول سون اسنے پلٹ کے زروش کو کہا اور بڑے ڈگ بھرتا وہاں سے چلا گیا

حامد نیچے آیا جہا علیشہ کچن میں کام کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

تم نے اسے روم میں کیوں بھیجا حامد نے چلا کے کہا جسے علیشہ گھبرا گئی۔۔۔۔۔۔

ب۔۔۔بھائی وو۔۔۔یہ ں نے۔۔۔۔۔۔

بھائی یہ ں نے منع کیا تھا مگر انھو نے میری نہیں سنی علیشہ نے ایک سانس میں بول دیا

۔۔۔۔۔

تو دروازہ کھولنے سے پہلے پوچھ لیا کرو کون ہے کون نہیں کسی کو بھی گھر میں گھسنے

دے رہی ہو حامد نے وہاں پڑا شیشے اٹھایا اور زمین پے دے مارا جسے وو ٹوٹ گیا

۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

حامد سے برداشت نہیں ہو رہا تھا کے کوئی غیر مردان کے گھر میں آے وو بھی تب

جب وو اکیلی ہوں۔۔۔۔۔

زروش بھی وہا آئی اسنے علیشہ کو دیکھا جو خاموشی سے آنسوں بھا رہی تھی۔۔۔۔۔

اس میں اسکی کیا غلطی ہے جو تم اس پے غصہ ہو رہے ہو۔۔۔۔۔۔

حامد نے پلٹ کر زروش کو دیکھا۔۔۔۔۔۔

ہاں غلطی اسکی نہیں تمہاری ہے تم چاہتی تو تم مامی کے ساتھ وہاں آسکتی تھی مگر تم جان بوجھ کے نہیں آئی تمہیں اتنی مشکل سے تو موقع ملا تھا اکیلے رہنے کا اس لئے تم نے اسے یہاں بلایا ہے نہ؟؟؟؟

علیشہ تم جاؤ روم میں زروش نے علیشہ کو وہاں سے بھیج دیا کیوں کی وو۔ نہیں چاہتی تھی حامد کی کوئی بھی بے حدا بات وو سنے علیشہ وہاں سے چلی گئی۔۔۔

بکواس بند کرو اپنی کیا اثر پڑے گا اس پر تمہاری ایسی باتین سن کے۔۔۔۔۔۔

ہاں ہاں۔ میں تو صرف بول رہا ہوں۔ تو اثر پڑے گا جب اسکی۔ موجودگی میں تم کسی لڑکے کو گھر میں بلاتی ہو تب تو اس پے کوئی اثر نہیں پڑے گا نہ۔۔۔۔۔۔

زروش چپ چاپ وہاں سے جانے لگی تو حامد نے اسکا راستہ روکا میری بات کا جواب دیے کر جاؤ۔۔۔۔۔۔

تمہاری گھٹیا سوالوں کا میرے پاس کوئی جواب نہیں ہے جو خد انسان ایسے کام کرتا ہے وود وسروں کو بھی اسی نظر سے دیکھتا ہے۔۔۔۔۔

"""""""""

انسان بہت تلخ بات کرتا ہے

لیکن حیریت ہے

کہ وو کسی کی ذرا سی

تلخ برداشت نہیں کر سکتا

بہت طنز کرتا ہے

لیکن طنز کا ایک تیر بھی

www.novelsclubb.com

سہ نہیں پاتا

☣☣☣

حیدر رات دیر تک بے مقصد گاڑی چلاتا رہا اسے آج زروش کا کسی اور کے ساتھ ہاتھ میں ہاتھ ڈالنا اچھا نہ لگا اسے بہت برا لگ رہا تھا اسکا دل کر رہا تھا اس ہاتھ کو ہی توڑ دے جسنے زروش کو چھوا تھا حیدر نے ایک سنسان جگہ پے گاڑی روک دی اور خد بھی اتر گیا آخر کیسے کوئی تمھیں ہاتھ لگا سکتا ہے یہ بول کے اسنے زور سے ڈکی پے ہاتھ مارا اور اپنی پیشانی مسلنے لگا۔۔۔

آج تو تم مجھسے بچ گئی اس لڑکے کی وجہ سے مگر کب تک بچو گئی جس دن تمہارے اس تھپڑ کا بدلہ میں تمھیں نہ دے دوں تب تک مجھے سکون نہیں ایگا آخر تمہیں بھی پتا چلنا چاہیے کے حیدر سے پنگا لینے کا انجام کیا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

اسے زروش سے پیار ہو گیا تھا مگر وو اسے بدلہ بھی لینا چاہتا تھا۔۔۔۔۔

☣☣☣

زروش کے سر میں آج بہت درد تھا وو کچن میں چاے بنانے آئی۔۔۔۔۔۔

آپی رکو علیشہ نے اسے روکا۔۔

کیا ہوا علیشہ۔۔۔۔۔

آپی چاے میں گرم مصالحہ نہیں پڑتا علیشہ نے اسے چاے میں گرم مصالحہ ڈالتے دیکھا تو کہا۔

اچھا مجھے نہیں پتا تھا۔۔۔۔۔

اچھا آپی آپ یہاں بیٹھو میں بنا دیتی۔ہوں۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

علیشہ نے دو کپ بناے اور آکر اس کے ساتھ بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

زروش چاے پینے لگی۔۔۔۔۔

آپی ایک بات پوچھوں؟؟؟

پوچھو۔۔۔۔۔۔

آج آپ۔نہ یونی گئی نہ آفس جب کی آپ کی طبعیت بھی ٹھیک تھی پھر اپنے جھوٹ کیوں بولا حیدر بھائی سے اور آج آپ پھوپھو کے گھر بھی نہیں چلی بے بی کو دیکھنے جب کے سب سے زیادہ آپ کو ہی جلدی تھی بھائی سلمان کا بچہ دیکھنے کی اور آپ صبح سے بہت پریشان لگ رہی ہو کیا ہوا ہے۔۔۔

ایسی کوئی بات نہیں ہے ہم کل چلیں گے بیبی دیکھنے آج صبح سے ہی میرے سر میں درد ہے اور طبیعت عجیب ہو رکھی ہے میں نے کوئی جھوٹ نہیں بولا اور میں بلکل بھی پریشان نہیں ہوں۔۔۔

مگر آپی۔۔۔۔

ابھی اور کچھ نہیں میرا سر درد سے پھٹا جا رہا ہے۔۔

***

زروش اور سیرت کینٹین میں بیٹھی ہوئی تھی۔

www.novelsclubb.com

زروش کا موڈ اب کافی بہتر ہو چکا تھا زروش نے برگر کھانے کے لئے اٹھایا اور سیرت چپ چاپ بیٹھی تھی جب اسکی نظر ایک لڑکے پے پڑی جو سیرت کو ہی گھور رہا تھا سیرت نے جلدی سے اپنی چیئر چینج کی۔۔۔۔۔

کیا ہوا زروش نے اسے پوچھا۔۔۔۔

یار وو لڑکا کب سے گھور رہا ہے مجھے۔۔۔۔۔

تو چلو تمہارا رشتہ کر کے آتے ہیں زروش نے اٹھتے کہا۔۔۔۔

پاگل ہو کیا چپ چاپ بیٹھو اور پھر چلو یہاں سے۔۔۔۔۔

ارے تم آؤ تو صحیح میرے ساتھ۔۔۔۔۔

ووزبردستی اسے ساتھ لے گئی۔۔۔۔۔

وو۔لڑکا اسے دیکھ کے گھبرا گیا۔۔۔۔۔

بھائی ایک بات پوچھنی تھی آپ بتاؤ گے زروش نے اسے کہا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

جی جی پوچھے اسنے سیرت کو دیکھ کے کہا۔۔۔۔۔

ویسے یہ میری بیسٹ فرینڈ ہے اگر اسے کسی نے کچھ کہا نہ تو۔ میں اسکا ہاتھ منہ دونوں توڑوا دونگی میرے بابا پولیس انسپیکٹر ہے۔۔۔۔۔۔

وو تھوڑا گھبرا گیا جی مگر آپ مجھسے کیا پوچھنا چاہتی ہو۔۔۔۔۔

کیا آپ کو میری یہ فرینڈ پسند ہے؟؟؟؟

کیا؟؟؟؟

سیرت اور وو لڑکا دونوں حیران ہو گے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

جی آپ بتاؤ۔۔۔۔۔

نہیں تو۔ نہیں پسند۔۔۔۔۔

تو۔ پھر اسے گھور کیوں رہے تھے؟؟؟

نہیں باجی یہ تو میری بہن جیسی دکھتی ہیں میں نے تو بس ایک بار ہی دیکھا اسنے ڈرتے کہا آپ کو دیکھنا برا لگا تو معافی مانگ لیتا ہوں۔

گڈ بوئے

وو جلدی سے وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔

سیرت اس کے بھاگنے کے انداز پے ہنس رہی تھی۔

دیکھا تمہارا رشتہ جڑوا دیا

اور بول کے۔زروش بھی۔ہنس دی۔

www.novelsclubb.com

❀۞۞

ولید گاڑی کی طرف آرہا تھا جب اسے ایشل دکھائی دی شاید وو کسی کے انتظار میں تھی ولید اسکی طرف آیا۔۔۔۔

کیا ہوا آپ پریشان دکھ رہی ہو۔؟؟؟؟

ہاوویل نے ڈرائیور سے کہا تھا کے مجھے لینے آے 1 گھنٹے سے ویٹ کر رہی ہوں۔اور اب تک وو۔آیا نہیں کچھ دیر پھلے ہی فون آیا کے گاڑی خراب ہو گئی ہے ویل نے سوچا رکشا کر کے جاؤں مگر اس دن کے بعد اکیلے جانے سے ڈر لگ رہا ہے ایشل نے اپنی بات مکمل کی۔۔۔۔۔

اچھا اگر آپ کو اعتراض نہ ہو تو کیا میں آپ کو گھر ڈراپ کر سکتا ہو۔ولید نے سوال کیا؟؟؟

وو سوچنے لگی۔۔۔۔

اتنا بھی کیا سوچنا مجھ پے یقین کر سکتی ہو آپ۔۔۔۔

ایسی بات نہیں ہے اسنے یہاں وہاں دیکھتے کہا۔

تو پھر چلیں۔۔۔۔۔

دور سے آتی زروش اور سیرت نے دیکھا زروش آ ہی رہی تھی کے وو دونوں گاڑی۔ میں بیٹھ کے چلے گے واہ بھئی لڑکی کیا ملی بہن کو ہی بھول گے یہ بھی نہیں کے میں کیسے جاؤں گئی زروش نے دانٹ پیس کے کہا۔۔۔۔

جس پے سیرت ہنسنے لگی۔۔۔

تو۔ یہ بتیسی نہ دکھا۔۔۔۔

سیرت کو لینے حیدر آ گیا۔۔۔

ایک کام۔ کرو تم ہمارے ساتھ چلو سیرت نے اسے کہا۔۔۔

نہ۔۔۔ نہیں میں۔ چلی جاؤ گئی زروش نے ہچکچا کے کہا۔۔۔۔

بلکل نہیں تم۔ میرے ساتھ چل رہی ہو بھائی آپ کہو نہ زروش کو وو آپ کی بات نہیں ٹالے گی سیرت نے حیدر سے کہا۔۔۔

نہیں یار تم جاؤ میں چلی جاؤں گی۔۔۔۔

زروش بیٹھ جاؤ حیدر نے اسے کہا۔۔۔

اب تو بھائی بھی کہہ رہا ہے اب تو چلو سیرت نے اسے زبردستی بٹھا دیا۔۔۔

☣☣☣

دونوں کا راستہ خاموشی سے گذرا ولید کو پہلی نظر میں ہی اسے پیار ہو گیا تھا مگر بول نہیں سکتا کیوں کی اسے پتا تھا کے ابھی تو زیادہ جانتے بھی نہیں اس دن کے بعد ہی تھوڑی بہت بات ہو رہی ہے اور اگر ایسے بول دے تو وہ بات کرنہ بھی چھوڑ دیگی

۔۔۔۔۔

بس رکو میرا گھر آگیا ایشل نے اپنا گھر دیکھ کے کہا۔۔۔۔

ولید نے گاڑی روک دی وہ دونوں گاڑی سے اترے۔۔۔۔

ویسے آؤنہ آپ چاے پی کے جاؤ ایشل نے اسے کہا۔۔۔

نہیں پھر کبھی اگر آج میں ٹائم پے نہیں۔پوچھا تو میری کزن میرا قیمہ بنا دیگی ولید کو یاد آیا کے ووزروش کو وہاں چھوڑ آیا ہے وو جلدی سے گاڑی میں بیٹھنے لگا۔۔۔۔

کونسی کزن؟؟؟

جو آپ کا اڈریس مانگ رہی تھی اس دن ولید بول کے گاڑی میں بیٹھ گیا اور چلا دی۔

۔۔۔

ایشل کو یاد نہ آیا۔۔۔۔

مجھسے کس نے اڈریس مانگا تھا وو سوچنے لگی پھر اپنی سوچ جھٹک دی اور اندر کی طرف چل دی۔۔۔۔۔

☣☣☣

مجھے کہیں نہیں جانا سمجھ نہیں اتا کیا تمھیں دادو نے زبیر صاحب سے چیختے کہا۔۔

۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

نہیں ابو آپ کو آج جانا ہے تو جانا ہے زبیر صاحب نے بھی ضدی انداز میں کہا۔۔۔

۔

کیا ہوا کہا جانا ہے پیچھے سے آتی زروش نے پوچھا اسے دیکھ کے دادو نے منہ پھیر لیا ووزروش سے اب تک ناراض تھے کے ووحامد سے شادی کے لئے ہاں نہیں کر رہی۔۔۔۔۔

دادو یے ڈرامہ بعد میں کرنہ ابھی بتاؤ کہا نہیں جانا اسنے دادو کو دیکھ لیا جب اسنے اسے دیکھ کے منہ پھیرا۔۔۔۔

دادو نے اسکی بات کا کوئی جواب نہ دیا

زروش آج ابو کی دوائی ختم ہو گئی ہے اور ابو ضد پکڑے بیٹھے ہیں کے انکو ڈاکٹر کے پاس نہیں جانا۔۔۔۔۔۔

دادو کیوں نہیں جانا بتاؤ اسنے دادو کے پاس سوفے پے بیٹھتے پوچھا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

مجھے کہیں نہیں جانا اور تم اپنی شکل دور کرو مجھسے۔۔۔۔۔

دادو اب جب تک زندہ ہوں تب تک میری شکل دیکھ لو جس دن مر۔۔۔۔۔۔

زروش بول رہی تھی جب دادو نے اس کے منہ پے ہاتھ رکھا مرنے کی بات مت کیا کرو نہیں تو میں تمہاری ہڈیا توڑ دونگا دادو نے کہا۔۔۔۔

جس پے زروش مسکرادی۔۔۔۔

اچھا دادو اب چلو آپ میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔

مجھے کہیں نہیں جانا سمجھ نہیں اتا تم۔ باپ بیٹی کو۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بلکل بھی نہیں اب آپ۔ چل رہے ہو یا نہیں؟؟؟

نہیں۔۔۔۔۔۔

اوکے۔ ٹھیک ہے وو فون نکالنے لگی۔۔۔۔۔

کیسے کال کر رہی ہو۔۔۔۔

ولید اور حامد کو اگر آپ نہیں چلو گے تو۔مجھے مجبورن انہیں بلانا پڑے گا اور پھر آپ جانو یا وہ اسے پتا تھا دادو کو۔کیسے راضی کرنہ ہے۔۔۔۔۔

آخر دادو جاتے بھی تو کیسے بیمار تو وہ تھے نہیں اگر جاتے تو سب کو پتا لگ جاتا۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے چلو دادو نے منہ بسور کے کہا۔۔۔۔۔

☣☣☣☣

جب ڈاکٹر کے پاس سے آئے تو ڈاکٹر نے کہا کوئی بیماری نہیں ہے جسے زروش خوش ہوئی کے وہاں کے ڈاکٹر نے صحیح چیک اپ نہیں کیا ہو گا۔۔۔۔۔

☣☣☣

www.novelsclubb.com

ویسے تمہاری اس فرینڈ کی طبیعت کیسی ہے؟؟؟شہناز بیگم نے سیرت کے روم میں داخل ہوتے ہوئے اسے پوچھا۔۔۔۔۔

آپ کو کسنے کہا کے اسکی طبیعت ٹھیک نہیں ہے سیرت نے پوچھا۔۔۔۔

ہاشم بتا رہا تھا کے وو آفس بھی نہیں آ رہی اور یہیں کہا کے طبیعت ٹھیک نہیں کچھ

۔۔۔۔

ہاں اس دن اس کے سر میں بہت درد تھا اس لئے وو یونی بھی نہیں آئی تھی۔۔۔۔۔

اچھا آج آئی تھی شہناز بیگم نے اس کے ساتھ بیٹھتے ہوے کہا۔۔۔۔۔

ہاں موم۔۔۔۔

ویسے اسکی فیملی میں کون کون ہے۔۔۔۔

موم آپ کیوں پوچھ رہی ہو سیرت کو اپنی۔ماں کا اس طرح پوچھنا کچھ عجیب سہ لگا

www.novelsclubb.com

۔۔۔۔

ایسے پوچھ رہی ہوں تم بتا نہیں سکتی شہناز بیگم نے سخت لہجے میں کہا۔۔۔

بتا رہی ہوں موم اتنا غصہ کیوں ہو رہی ہو۔۔۔

☣☣☣

زروش کچن میں آئی اور آکر برتن دھونے لگی۔۔۔۔۔

کیا بات ہے زروش زاہدہ بیگم نے اسے پوچھا۔۔۔۔

کچھ نہیں امی۔کیوں؟؟؟

کیوں کی میں جب بھی تمھیں کام کا کہتی ہوں تم کو بخار چڑھ جاتا ہے اور آج میں تمھیں بہت دیر سے دیکھ رہی ہوں کوئی نہ کوئی کام ڈھونڈ رہی ہو۔۔۔۔۔

کچھ نہیں امی بس میرا دل کر رہا ہے کے کچھ کام کر لوں

آج تمھیں کام پے نہیں جانا؟؟؟

www.novelsclubb.com

نہیں اسنے بے رخی سے کہا۔۔۔۔

کیوں۔۔۔۔۔۔

امی۔بہت تھک گئی ہوں کچھ دن آرام کرنہ چاہتی ہوں اس لئے۔۔۔۔

اچھا صحیح ہے۔۔۔۔۔

☣☣☣

زروش لاؤنج میں بیٹھی ہوئی تھی جب وہا کوئی آیا۔۔۔

زروش اسے دیکھنے لگی آپ کون وو قدم بڑھاتا آگے آرہا تھا تو زروش نے اسے پوچھا

۔۔۔۔

جی مجھے سر حیدر نے آپ کو لانے کے لئے بھیجا ہے۔۔۔۔

مگر مجھے نہیں جانا جا کے اپنے سر سے بول دو مجھے ان کے ساتھ کام نہیں کرنہ

۔۔۔۔۔

میم آپ پلیز میرے ساتھ چلیں اور آپ خد سر سے بول دو اگر آپ میرے ساتھ نہیں چلی تو سر مجھ پے غصہ ہو گا۔۔۔۔

یں نے کہ دیا مجھے نہیں جانہ آپ مہربانی کر کے جائے یہاں سے۔۔۔۔

اسنے حیدر کو کال کر بتا دیا تو حیدر نے اسے واپس آنے کا کہا۔۔۔۔

☣☣☣

حیدر اپنے ریسٹورنٹ میں آیا۔۔۔

زروش کا اسے اس طرح ٹریٹ کرنہ اسے اچھا نہیں لگ رہا تھا آج کچھ بھی کر کے وو زروش کو سبق ضرور سکھاے گا یہ سوچ کے وو وہاں آ کر ایک چیئر پے بیٹھ گیا

۔۔۔۔

جب اسکی۔ نظر آگے بیٹھی رامین پر پڑی یہ یہاں کیا کیوں آئی ہے حیدر چپ چاپ بیٹھا رہا مینیجر اس کے پاس آیا سر آپ کو۔کچھ چاہیئے ؟؟۔۔۔۔۔

نہیں فلحال آپ۔مجھے اکیلا چھوڑ دے حیدر کے بولنے پے وو چلا گیا۔۔۔

کچھ دیر بعد رامین کی ایک دوست آئی وو دونوں آرڈر لکھوانے لگی جب 3 لڑکے ان کے پاس آے۔۔۔۔

اور ان کے پاس بیٹھ گے رامین اور وو دونوں اٹھنے لگی تو ایک لڑکے نے رامین کا ہاتھ پکڑا اور اسے بتمیزی کرنہ لگا۔۔۔

چھوڑو مجھے رامین ڈر سے بول رہی تھی۔۔۔

حیدر نے اس لڑکے کے ہاتھ کو زور سے مروڑا تو درد سے اسنے رامین کا ہاتھ چھوڑ دیا

تیری اتنی ہمت کی توں میری بہن کو چھوے۔۔۔۔

حیدر شاہ ان میں۔سے ایک لرکے نے حیدر کو پہچان لیا اور حیدر ان کی طرف بڑھا

ہی تھا جب وو بھاگ گے۔۔۔۔۔

مینیجر آیا سر کیا ہوا۔۔۔

میرے ریسٹورنٹ میں ایسے گھٹیا لوگوں کو آنے کی اجازت نہیں ہونی چاہئے

۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

سوری سر ہم آگے سے دھیان رکھے گے۔۔۔

وو رامین کا ہاتھ پکڑے اسے وہاں۔سے لے آیا اور گاڑی میں بٹھایا۔۔۔۔

رامین چلاتی رہی کے چھوڑو مگر حیدر غصے سے اسے وہاں سے لے آیا۔۔۔۔۔

چاچی چاچی وو گھر میں آ کر چلانے لگا۔۔۔۔

شکیلہ بیگم اسکی آواز سن کے جلدی سے وہاں آئی کیا ہوا بیٹا۔۔۔۔۔

چاچی آپ نے رامین کو باہر اکیلے کیوں جانے دیا۔۔۔۔۔

میرے معملے میں دخل دینے والے تم کون ہوتے ہو رامین نے پہلی بار حیدر سے اس لہجے میں بات کی تھی۔۔۔۔۔

چاچی یہ نے آپ سے کچھ پوچھا وو رامین کی بات کو نظر انداز کر کے بولا۔۔۔۔۔

آپ کو سنائی نہیں دیا میں کیا کرتی ہوں کہا جاتی ہوں یہ سب میں آپ کا مطلب نہیں ہونا چاہیئے

آپ سے اور آپ کے خاندان سے ہمارا کوئی واسطہ نہیں یہاں سے چلے جائیں اور کبھی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

رامین بول ہی رہی تھی جب شکیلہ بیگم نے اس کو تھپڑ لگائی جانتی کیا ہو تم جو اتنا بول رہی ہو۔۔۔۔۔

چاچی نہیں حیدر نے انہیں کچھ بھی بولنے سے روکا۔۔۔۔۔

نہیں حیدر اسے پتا ہونا چاہئے کے حقیقت کیا ہے وو آپنے باپ کی جھوٹی باتوں کی وجہ سے آج تم سے بتمیزی کر رہی ہے اسکا باپ کیسا انسان ہے اور کیا کچھ کیا ہے اسنے اسے پتا ہونا چاہئے۔۔۔۔

رامین اپنی ماں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

جانتی ہی کیا ہو تم جو تمہارے باپ نے کہا اس پے یقین کر لیا

تمہارے باپ۔نے پیسوں کی لالچ میں آکر اپنے بڑے بھائی کو۔جان۔سے مار دیا

۔۔۔۔۔

نہیں یہ جھوٹ ہے پاپا ایسا نہیں کر سکتے۔۔۔۔۔

یہیں سچ ہے اسنے جائیداد کی لالچ میں انہیں۔مار دیا اور انہونے تو بھابی کے ساتھ بھی بہت زیادتی کی اور انہیں گھر سے نکال دیا یہ بھی نہ سوچا کے وو کہا جائے گی اپنے بچوں کو لے کے۔۔۔۔۔

نہیں پاپا ایسا نہیں کر سکتے جھوٹ ہے۔۔۔

اتنا ہی نہیں۔انھونے کئی غیر قانونی کام کیے ہے اپنے مطلب کے لئے انھونے تمہارا رشتہ ایک شرابی انسان سے کرا دیا تھا جب حیدر نے تم کو اسے بچہ لیا کئی بچوں کو انات کیا ہے اس کے ساتھ ساتھ اسنے حیدر کو بھی مارنے کی بھی کوشش کی تھی

۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بس موم مجھے اور کچھ نہیں سن نہ۔۔۔۔

کیوں کیا ہوا سچائی سن نے میں تکلیف ہو رہی ہے۔۔۔۔

رامین۔روتے لگی بھائی مجھے معاف کر دے یہ میں نے آپ کو اتنا غلط سمجھا اور اپ سے بتمیزی کی مجھے معاف کر دیں رامین نے روتے ہوے اپنے دونوں ہاتھ اس کے اگے جوڑ دئے۔۔۔۔رامین کو اب اپنے کیے پے پچتاوا ہو رہا تھا۔۔۔۔

حیدر نے اسے اپنے گلے سے لگایا پاگل روتے نہیں ہے بہن اپنے بھائی سے معافی نہیں مانگتی۔۔۔

روحان نے بھی ساری باتین سن لی تھی مگر اس میں ہمت نہیں ہوئی کے وہ حیدر کے سامنے آے

☣☣☣☣

www.novelsclubb.com

رات کا دو پھر کا وقت تھا زروش سوئی ہوئی تھی جب کوئی کھڑکی سے اسکے روم میں داخل ہوا۔۔۔۔۔

اسکے روم کی لائٹ آن تھی کیوں کی حیدر کو اندھیرے سے ڈر لگتا تھا اور وو کبھی لائٹ آف کر کے نہیں سوتی تھی اس کا دروازہ کھولا ہوا تھا وو دروازے کی طرف گیا اور کنڈ ہی لگائی تو اس کی آواز آواز سے زروش اٹھ گئی

اختیار اس کے حلق سے چیخ بر آمد ہوئی جس کا گلا حیدر نے اپنا بھاری ہاتھ اس کے لبوں پر رکھ کر گھونٹ دیا۔۔۔۔

شششش اگر تم چلاو گئی تو سب یہاں آجائے گے اور آکر تم سے ہی سوال کرے گے میرا تو کچھ نہیں جائے گا تمہارا گھر سے نکلنا بھی بند ہو جائے گا میں تو بول دونگا مجھے یہاں تم نے بلایا ہے تو اب تم چپ چاپ میری بات سنو گی یا پھر چلا کے خد کو بدنام کرو گی اب تمہاری مرضی حیدر نے یہ بول کے اس کے منہ سے ہاتھ ہٹایا۔۔۔۔

آپ یہاں کیوں آے ہو وو بھی اس وقت۔۔۔۔

تم میں بہت ہمت آگئی ہے بس اسے ہی ٹھکانے لگانے آیا ہوں۔۔۔۔۔

زروش اس کے یہ الفاظ سن کے تھوڑا ڈر گئی۔۔۔۔

ک۔۔۔کی۔۔۔۔کیا مطلب۔۔۔۔۔

حیدر سامنے پڑے سوفے پے ٹانگ ٹانگ رکھ کے بیٹھ گیا میرا مطلب ہے کے میں نے آج ڈرائیور کو بھیجا تمھیں لانے کے لئے تم آئی کیوں نہیں؟؟؟

مجھے آپ کے ساتھ کام نہیں کرنہ۔۔۔

تم وہاں آئی اپنی مرضی سے تھی مگر جاؤ گی میری مرضی سے۔۔۔۔۔

میں کسی کی نوکر نہیں زروش نے چبا چبا کے کہا۔۔۔۔۔

حیدر اپنی جگہ سے اٹھا اسکی ڈھٹائی دیکھ کر اسکا خون اندر تک کھول اٹھا وو زروش کی طرف قدم بڑھانے لگا۔۔۔۔

زروش اس کے تاثرات دیکھ کر الٹے قدموں پیچھے دیوار سے جا لگی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسے اب حیدر سے خوف آنے لگا تو وو تو سپنے میں بھی نہیں سوچ سکتی تھی کے حیدر ایسا بھی کچھ اس کے بارے میں۔ سوچتا ہے وو تو صرف اسے انکل اور سر کی نظر سے دیکھتی تھی اس کے وہم و گمان میں بھی یہ خیال نہ تھا۔۔۔۔

